ازافاداتِ جامع المعقول والمنقول، محدث اعظم، فقیہ العصر

حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی رحمہ اللہ تعالیٰ وطیّبَ آثارہ

ابواب الصرف

(اردو ترجمہ کے ساتھ)

مرتّب

محمد زہیر روحانی بازی عفا اللہ عنہ وعافاہ

ادارۂ تصنیف وادب

از افاداتِ جامع المعقول والمنقول، مُحدثِ اعظم، فقیہ العصر
حضرت مولانا محمد موسیٰ رُوحانی بازی رحمہ اللہ تعالیٰ وطیّب آثارہ

ابوابُ الصَّرف

مُرتِّب

محمد زُہیر رُوحانی بازی عفا اللہ عنہ وعافاہ

ادارۂ تصنیف وادب
مرکزی دفتر: القلم فاؤنڈیشن 13 ڈی، بلاک بی، سمن آباد، لاہور

طبعِ اوّل ۲۰۰۹ء مطابق ۱۴۳۰ھ

طبعِ رابع ۲۰۱۹ء مطابق ۱۴۴۰ھ

ناشر

ادارۂ تصنیف وادب

جامعہ محمد موسیٰ البازی، بُرہان پورہ، نزد اجتماع گاہ

عقب گورنمنٹ ہائی سکول رائیونڈ، لاہور

منگوانے کا پتہ: مرکزی دفتر القلم فاؤنڈیشن 13 ڈی، بلاک بی

سمن آباد، لاہور

فون 042-37568430 موبائل 03004101882

www.alqalamfoundation.org

email: info@alqalamfoundation.org

پیش لفظ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للّٰہ ربّ العالمین والصّلاۃ والسّلام علی رسولہ محمد وعلی آلہ واصحابہ اجمعین امابعد

اللہ جل جلالہ نے اپنی خاص توفیق سے بندہ کو اپنے والدماجد محدث اعظم ، فقیہ العصر، شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسٰی روحانی بازی رحمہ اللہ تعالی وطیّب آثارہ سے علمِ صرف کے ابواب پڑھنے کا موقع نصیب فرمایا ۔ ان ابواب سے راقم الحروف کو ناقابل بیان حدتک فائدہ ہوا ، بلکہ واقعہ یہ ہے کہ اس وقت احقر کا جو تھوڑا بہت علمی جمع خرچ اور استعداد ہے وہ انہی ابواب کی رہینِ منّت ہے ۔

والد صاحب رحمہ اللہ تعالی سے پڑھے ہوئے ان مبارک ابواب کو ، اپنے بے انتہاء فائدے کی وجہ سے ، بندہ اپنے اوپر ایک قرض سمجھتا تھا کہ اسے اگلی نسلوں کی طرف منتقل کرے ۔ اللہ جل شانہ نے اپنے فضل وکرم

۱۴۳۰ھ میں بندہ کو یہ توفیق
بھی نصیب فرمائی کہ یہ سہل ممتنع ابواب اساتذہ کرام
وطلبہ کی خدمت میں پیش کر کے اس قرض سے سبکدوش
ہو سکے۔ فالحمد للہ علی ذلک۔ احقر نے ان ابواب
پر جا بجا مفید حواشی بھی درج کر دیئے ہیں۔

ابتدائی علم صرف پڑھانے کا یہ طریقۂ کار انتہائی
آسان اور مفید ہے۔ چنانچہ قدیم مدرّسین اور اساتذۂ کرام
اسی انداز میں علمِ صرف کی ابتداء کروایا کرتے تھے۔ اس
طریقۂ کار میں طلبہ کو سب سے پہلے علم صرف کی معروف
کتاب "صرف بہائی" پڑھائی جاتی ہے۔ اس کے بعد روزانہ
کاپی پر ایک باب لکھواتے ہوئے اسّی (۸۰) کے لگ بھگ
ابواب خوب ازبر کروا دیئے جاتے ہیں اور اس کے بعد علمِ
صرف کی دیگر کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔

اکثر مدرّسین حضرات کو علم صرف پڑھاتے ہوئے
انتہائی دشواری پیش آتی ہے اور یہ دشواری پڑھانے
کے اعتبار سے نہیں بلکہ طلباء کی استعداد بنانے کے لحاظ سے
ہوتی ہے، چنانچہ انتہائی محنت سے پڑھانے کے باوجود

وہ طلباء کی کیفیت سے پوری طرح مطمئن نہیں ہوتے۔
ان مدرّسین حضرات کیلئے علم صرف کا یہ طریقۂ تدریس ایک عظیم نعمت سے کم نہیں۔ اساتذۂ کرام صرف ایک مرتبہ کے تجربے سے ہی یہ بات بخوبی جان لیں گے کہ حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالی کے اس مبارک طریقۂ کار میں معمولی محنت سے بھی غیر معمولی نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

ابتداء کے یہ تقریباً اسّی (۸۰) ابوابِ علمِ صرف کا وہ نسخۂ کیمیا ہے جو کمزور سے کمزور طالب علم کو بھی انتہائی مختصر مدت میں ماہر صرفی بنا دیتا ہے۔ ان ابواب کے یاد کروانے کے بعد مدرّسین حضرات علم الصیغہ، ارشاد الصرف یا علم صرف کی جو کتابیں بھی مناسب سمجھیں نہایت آسانی سے طلباء کو پڑھا سکتے ہیں، البتہ اساتذہ کرام سے گزارش ہے کہ علم الصیغہ، ارشاد الصرف یا دیگر کتبِ صرف پڑھاتے ہوئے وہاں پر جب صرف صغیر آئے تو طلباء سے اُس کتاب میں مذکورہ طریقے کے مطابق صرف صغیر نہ سنیں بلکہ مصدر و مادہ اُس کتاب سے لیتے ہوئے صرفِ صغیر اِن ابواب کے طرز پر سُنی جائے۔

چونکہ صرفِ صغیر میں ہر کتاب کا اپنا طرز اور طریقۂ کار ہوتا ہے تو ہر کتاب میں طالب علم سے نئے طریقے کے مطابق گردانیں سننے سے وہ سخت پریشانی و تشویش کا شکار ہو جائے گا اور اس کتاب سے کما حقہ فائدہ نہ اُٹھا سکے گا۔ اور اگر صرفِ صغیر میں طالب علم کا یاد کردہ وہی ابواب الصرف والا طریقہ رکھا جائے گا تو طالب علم بغیر کسی تشویش کے نہایت برق رفتاری سے آگے بڑھتا چلا جائے گا اور ساتھ ساتھ ان ابواب کا تکرار ہونے سے ابواب مزید ازبر ہو جائیں گے۔

اساتذہ کرام سے یہ بھی گزارش ہے کہ کوشش کرکے درجۂ ثانیہ اور ثالثہ میں بھی طلباء سے ان تمام ابواب کی گردانیں ایک ایک مرتبہ پھر سُن لیں۔ اس میں طلباء کو ذرا بھی محنت نہ کرنا پڑے گی اور تمام ابواب ذہن میں تازہ ہو جائیں گے۔ یہ بات تجربات سے ثابت ہے کہ یاد کی ہوئی چیز کو کچھ مدت کے وقفے کے بعد پھر دُہرایا جائے تو وہ بے انتہاء پختہ ہو جاتی ہے۔

عام طریقۂ کار میں علم صرف کے قوانین پڑھاتے

ہوئے ہر قانون کے ساتھ اس کی شرائط بھی ذکر کی جاتی ہیں چنانچہ ہر قانون کے ساتھ آٹھ آٹھ دس دس بلکہ اس سے بھی زیادہ شرائط ذکر کی جاتی ہیں۔ ہر قانون کے ساتھ کئی شرائط ذکر کرنے سے ابتدائی طالب علم کا ذہن سخت تشویش میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ نہ تو قوانین صحیح یاد کر پاتا ہے اور نہ شرائط۔

حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالی کے اس طریقے میں ابواب یاد کروانے کے دوران صرف بنیادی قوانین یاد کروائے جاتے ہیں اور شرائط کو ذکر ہی نہیں کیا جاتا۔ چنانچہ طالب علم کو سمجھنے اور یاد کرنے میں بہت سہولت ہو جاتی ہے۔ ابواب ختم کرنے کے بعد جب علم صرف کی کتابیں پڑھائی جاتی ہیں تو وہاں ان شرائط کا ذکر تفصیل سے آجاتا ہے۔ طالب علم بنیادی قانون تو ابواب میں یاد کر چکا ہوتا ہے اب شرائط کا یاد کرنا اس کیلئے ذرا بھی تشویش کا باعث نہیں ہوتا۔

نیز یہ اسّی (۸۰) کے لگ بھگ گردانیں بھی نہایت مختصر ہیں، حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالی فرمایا کرتے تھے

کہ ان گردانوں میں مَیں نے صرف وہ صیغے ذکر کئے ہیں جو قرآن وحدیث میں استعمال ہوئے ہیں اور جن کا جاننا ہر طالب علم کیلئے ضروری ہے۔

اساتذۂ کرام اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ علم صرف پڑھاتے ہوئے سب سے ضروری چیز یہ ہے کہ طلباء سے گردانوں کو اچھی طرح سنا جائے، البتہ ان گردانوں کے سننے کا طریقہ ذرا مختلف ہے اور ان ابواب سے کامل فائدہ تبھی اٹھایا جاسکتا ہے جب ان ابواب کے سننے کیلئے وہ طریقۂ کار اپنایا جائے جو حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالی کا سکھلایا ہوا ہے۔

حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالی کا ابواب سننے کا طریقہ یہ تھا کہ طالب علم سے ہر روز گزشتہ بیس پچیس ابواب سمیت نیا سبق سنتے تھے۔ گزشتہ ابواب کی صِرف صَرفِ صغیر سنتے جبکہ نئے سبق کی صَرفِ صغیر کے ساتھ ساتھ صَرفِ کبیر بھی سنتے تھے۔ مثلاً آج اگر انہوں نے پچیسواں باب لکھوایا ہے تو یہ نہیں کہ اگلے دن طالب علم پچیسواں باب سنانا شروع کردے بلکہ شروع سے یعنی ضَرَبَ یَضرِبُ

سے ابواب سنانا شروع کرتا اور تمام ابواب کی صرفِ صغیر سناتے ہوئے جب گزشتہ دن کا سبق یعنی پچیسویں باب کی صرفِ صغیر سنا دیتا تو پھر اس سے پچیسویں باب کی صرفِ کبیر سنتے۔ ماضی معروف و مجہول، مضارع معروف و مجہول، نفی جحد بالم معروف و مجہول، نفی تاکید بالن ناصبہ معروف و مجہول، امر حاضر معروف و مجہول، امر غائب معروف و مجہول، نہی حاضر معروف و مجہول اور نہی غائب معروف و مجہول سب کی گردانِ کبیر سنتے۔ اس کے بعد اگلا باب لکھواتے۔ اس طریقۂ کار کا فائدہ یہ ہوتا تھا کہ بیس پچیس دن تک گردان بار بار سنانے سے بے انتہاء پختہ ہو جاتی تھی اور پھر کبھی نہیں بھولتی تھی۔ پھر چونکہ پچیس ابواب ہو چکے ہوتے لہذا اگلے روز سے شروع کے پانچ چھ ابواب چھوڑ کر سبق سننا شروع کرتے، یعنی اب اَکْرَمَ یُکْرِمُ سے روزانہ ابواب سنتے اور سبق آگے جاری رہتا۔ جب روزانہ سنائی جانے والی گردانوں کی تعداد دوبارہ پچیس تیس کے لگ بھگ ہو جاتی تو پھر شروع کے چند مزید ابواب چھوڑ دیئے جاتے اور اب رباعی مجرد سے روزانہ

گردانیں سنتے۔

خلاصۂ کلام یہ کہ ابواب سنتے ہوئے صَرفِ کبیر صِرف نئے سبق کی سُنی جائے جبکہ صَرفِ صغیر کم از کم آخری بیس پچیس ابواب کی روزانہ سنی جائے۔ نیز اس بات کا بھی خاص خیال رکھا جائے کہ ابواب کے اوپر جو فارسی عبارات ہیں وہ بھی ساتھ ہی یاد کروائی جائیں اور ہر روز ابواب کے ساتھ ہی سنی جائیں، مثلاً طالب علم ضَرَبَ یَضۡرِبُ سے سنانا شروع نہ کرے بلکہ اس کے اوپر جو فارسی عبارت ہے اسے بھی ساتھ ملا کر یاد کرے اور یوں سنائے "ابوابِ صحیح، ثلاثی مجرد، بدانکہ ثلاثی مجرد را شش ابواب مشہور است۔ بابِ اول بروزنِ فَعَلَ یَفۡعِلُ چوں الضربُ زدن۔ ضَرَبَ یَضۡرِبُ ضَرۡبًا" آخر تک اسی طریقے سے۔

اگر طلباء زیادہ ہوں اور استاد کیلئے تمام طلباء سے مذکورہ طریقۂ کار کے مطابق گردانیں سننا ممکن نہ ہو تو وہ دو دو تین تین طلباء کی جماعتیں بنادے جو استاد کی موجودگی میں ایک دوسرے کو گردانیں سنایا کریں جبکہ استاد خود ہر روز تین چار مختلف طلباء سے اسی طرح

سبق سُن لیا کرے۔ نیز استاد روزانہ کم از کم دس صیغے بھی طلباء سے حل کروا لیا کرے تو فائدہ کئی گُنا بڑھ جائے گا۔

طلباء کو کاپی لکھواتے ہوئے صَرفِ صغیر لکھوانا کافی ہے جبکہ صَرفِ کبیر طلباء خود ہی حل کر کے اور یاد کر کے بآسانی سنا سکتے ہیں۔ البتہ اگر صَرفِ کبیر مشکل یا باقی گردانوں سے مختلف ہو تو پھر پہلے دن استاد صرفِ صَرفِ صغیر لکھوائے اور طلباء صرف اُسے ہی یاد کریں جبکہ اگلے روز طلباء کو صَرفِ کبیر لکھوائی جائے۔ مذکورہ ابواب میں کئی جگہ پر اس ترتیب کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔

اس کاپی کے ساتھ ساتھ یہ گردانیں سی ڈی پر بھی دستیاب ہیں۔ سی ڈی پر بندہ کے پڑھائے ہوئے اسباق کی ریکارڈنگ سے ان گردانوں کو پڑھانے اور سننے کا طریقہ معلوم کیا جا سکتا ہے۔ مذکورہ ابواب پڑھانے کے بعد طلباء کو علم صَرف کی مشہور و معروف کتاب "زرّادی" پڑھائی گئی اور زرّادی کے بعد علم صَرف کی ایک اور انتہائی مفید کتاب "دُستور المبتدی" مکمل کروائی گئی۔ ان اسباق کی مکمل ریکارڈنگ بھی سی ڈی پر موجود

ہے ۔ سی ڈی کے ساتھ ساتھ ان اسباق کی ریکارڈنگ انٹرنیٹ پر بھی موجود ہے اور ابوابِ صرف کے نام سے انہیں تلاش کیا جائے تو نہایت آسانی سے حل جائیں گے ۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ ابواب اور یہ دروس تمام اہل علم ، اساتذۂ کرام ، مدرّسین عظام اور طلبہ میں محبوب ومقبول ہو کر ان کیلئے علوم وفنون اور تعلیم وتدریس کی بنیاد بنیں ۔ آمین ثم آمین ۔

عبد ضعیف

محمد زبیر عفی عنہ

استاد جامعہ محمد موسیٰ البازی

١٨ ربیع الاول ١٤٣٩ھ ، ٧ دسمبر ٢٠١٧ء

نوٹ : حضرت والد صاحب رحمہ اللہ سے چونکہ بندہ نے یہ ابواب کاپی کی صورت میں پڑھے تھے اس لئے عام قلم سے ان کی نہایت واضح اور عمدہ کتابت کروا کے کاپی ہی کی صورت میں انہیں طبع کروایا ۔ اس انداز کا ایک بہت بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ اس سے طالب علم پر ابواب یاد کرتے ہوئے ذرا بھی بوجھ نہیں پڑے گا کیونکہ کتاب کا طالب علم پر بڑا بوجھ ہوتا ہے مگر یہاں وہ بڑی بے فکری سے ان ابواب کو یاد کرے گا جیسے یہ کوئی کتاب ہے ہی نہیں بلکہ کسی کی ہاتھ سے لکھی ہوئی کاپی سے ابواب یاد کر رہا ہے ۔ محمد زبیر عفی عنہ

عکسِ تحریر

احقر جب اپنے والد ماجد شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی رحمہ اللہ تعالی سے ۱۴۱۲ھ مطابق ۱۹۹۱ء میں ابواب الصرف پڑھ رہا تھا تو والد صاحب ہر روز اپنے دستِ مبارک سے بندہ کیلئے ایک باب تحریر فرمادیتے تھے۔ ذیل میں حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالی کے ہاتھ سے لکھے ہوئے ایک باب کا عکس پیشِ خدمت ہے۔ محمد زبیر عفی عنہ

۳

باب سوم بر وزن فَعِلَ یَفْعَلُ چون السَّمْع شنیدن

سَمِعَ یَسْمَعُ سَمْعًا فہو سامِعٌ وسُمِعَ

یُسْمَعُ سَمْعًا فذاک مَسْمُوعٌ

لم یَسْمَعْ لم یُسْمَعْ لا یَسْمَعُ لا یُسْمَعُ

لن یَسْمَعَ لن یُسْمَعَ

الامر منہ اِسْمَعْ لِتُسْمَعْ لِیَسْمَعْ

لِیُسْمَعْ والنہی عنہ لا تَسْمَعْ لا تُسْمَعْ

لا یَسْمَعْ لا یُسْمَعْ

والظرف منہ مَسْمَعٌ والجمع مَسامِعُ

والآلۃ منہ مِسْمَعٌ مِسْمَعَۃٌ مِسْماعٌ

والجمع مَسامِعُ ومَسامِیعُ

وافعل التفضیل المذکر منہ اَسْمَعُ والجمع اَسامِعُ

والمؤنث منہ سُمْعٰی سُمْعَیَاتٌ سُمَعٌ۔

عکسِ تحریر

حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ کے دستِ مبارک سے لکھے ہوئے
ایک اور باب کا عکس

ابواب مثال ثلاثی مزید -

باب اوّل مثال واوی از باب اِفعال
چوں الاِیقادُ آتش افروختن
اَوْقَدَ یُوْقِدُ اِیقاداً فھو مُوْقِدٌ
و اُوْقِدَ یُوْقَدُ ایقاداً فذاک مُوْقَدٌ لم یُوقِدْ
لم یُوْقَدْ لا یوقِدُ لا یوقَدُ لن یوقِدَ لن یوقَدَ
الامر منه اَوْقِدْ لتُوقَدْ لِیُوقِدْ لیُوقَدْ
والنھی عنه لا تُوقِدْ لا تُوقَدْ لا یُوقِدْ
لا یُوقَدْ
والظرف منه مُوقَدٌ مُوقَدانِ -

منتخب حصّہ از

صرفِ بہائی

(صرفِ بہائی کا وہ منتخب حصّہ جو
حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ پڑھایا کرتے تھے،
اب اردو ترجمہ بھی شامل کردیا گیا ہے۔)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بداں اَسْعَدَكَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِی الدَّارَیْنِ کہ کلمات لغتِ عرب بر سہ قسم است اسم است و فعل است و حرف است ۔ اسم چوں رَجُلٌ و فَرَسٌ و فعل چوں ضَرَبَ و دَحْرَجَ وحرف چوں مِنْ و اِلٰی ۔ اسم بر سہ قسم است ثلاثی و رباعی وخماسی ۔ ثلاثی سہ حرفی را گویند چوں زَیْدٌ و رباعی چہار حرفی را گویند چوں جَعْفَرٌ و خماسی پنج حرفی را گویند چوں سَفَرْجَلٌ ۔

ترجمہ: جان لے تو، نیک بخت کر دے اللّٰہ تعالی تجھے دونوں جہانوں میں، کہ عربی زبان کے کلمات تین قسم پر ہیں اسم، فعل اور حرف ۔ اسم جیسے رَجُلٌ اور فَرَسٌ اور فعل جیسے ضَرَبَ اور دَحْرَجَ اور حرف جیسے مِنْ اور اِلٰی ۔ اسم تین قسم پر ہے ثلاثی، رباعی اور خماسی ۔ ثلاثی تین حرف والے کو کہتے ہیں جیسے زَیْدٌ اور رباعی چار حرف والے کو کہتے ہیں جیسے جَعْفَرٌ اور خماسی پانچ حرف والے کو کہتے ہیں جیسے سَفَرْجَلٌ ۔

جَعْفَرٌ مرد کا نام ہے ۔ سَفَرْجَلٌ ایک مشہور پھل کا نام ہے جسے اردو میں بہی کہتے ہیں ۔

وفعل بر دو قسم است ثلاثی و رباعی ۔ ثلاثی چوں ضَرَبَ
و رباعی چوں دَحْرَجَ ۔ بدانکہ میزان کلام عرب فا و عین
ولام ست چوں جمع کنی فَعَلَ شود ۔ وحرف بر دو قسم
است حرفِ اصلی وحرف زائدہ ۔ حرف اصلی آنست
کہ در مقابلہ فا و عین ولام بود چوں ضَرَبَ بر وزن
فَعَلَ ۔ وحرف زائدہ آنست کہ در مقابلۂ ایں حروف نبود
چوں اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ ۔

ترجمہ: اور فعل دو قسم پر ہے ثلاثی اور رباعی ۔ ثلاثی جیسے
ضَرَبَ اور رباعی جیسے دَحْرَجَ ۔ جان لے تو کہ کلام عرب
کا ترازو فا ، عین اور لام ہیں ، جب ان کو آپ جمع کریں
تو فَعَلَ بن جاتا ہے ۔ اور حرف دو قسم پر ہے حرف اصلی
اور حرف زائدہ ۔ حرف اصلی وہ جو فا ، عین اور لام
کے مقابلے میں ہو جیسے ضَرَبَ ، فَعَلَ کے وزن پر
اور حرف زائدہ وہ ہے جو اِن حروف (فا ، عین اور لام)
کے مقابلے میں نہ ہو جیسے اَکْرَمَ ، اَفْعَلَ کے وزن پر ۔

میزان : ترازو ۔ ع ـ ۵ مذکورہ بالا عبارت میں حرف اصلی سے مراد حرف ہجا
ہے نہ کہ کلمہ کی قسم ۔

وبدانکہ حرف اصلی در ثلاثی سہ است فا وعین ویک لام چوں ضَرَبَ بروزن فَعَلَ ۔ وحرف اصلی در رباعی چہار است فا وعین ودو لام چوں دَحْرَجَ بروزن فَعْلَلَ ۔ وحرف اصلی در خماسی پنج است فا وعین وسہ لام چوں جَحْمَرِشٌ بروزن فَعْلَلِلٌ ۔ بدانکہ ثلاثی بر دو قسم است ثلاثی مجرد وثلاثی مزید فیہ ۔ ثلاثی مجرد آنست کہ بر سہ حرف اصلی او چیزے زیادہ نبود چوں ضَرَبَ بروزن فَعَلَ

ترجمہ : اور جان لے تو کہ ثلاثی کے اندر حرف اصلی تین ہیں فا، عین اور ایک لام جیسے ضَرَبَ ، فَعَلَ کے وزن پر اور رباعی کے اندر حرف اصلی چار ہیں فا ، عین اور دو لام جیسے دَحْرَجَ ، فَعْلَلَ کے وزن پر اور خماسی کے اندر حرف اصلی پانچ ہیں فا ، عین اور تین لام جیسے جَحْمَرِشٌ ، فَعْلَلِلٌ کے وزن پر ۔ جان لے تو کہ ثلاثی دو قسم پر ہے ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید فیہ ۔ ثلاثی مجرد وہ ہے کہ اس کے تین حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ نہ ہو جیسے ضَرَبَ ، فَعَلَ کے وزن پر ۔

جَحْمَرِشٌ : بہت بوڑھی عورت ، بدصورت عورت ، اپنے بچوں کو دودھ پلانے والی مادہ خرگوش ۔

و ثلاثی مزید فیہ آنست کہ از سہ حرف اصلی او چیزے زیادہ بود چوں أَكْرَمَ بروزن أَفْعَلَ ۔ و رباعی نیز بر دو قسم است رباعی مجرد و رباعی مزید فیہ ۔ رباعی مجرد آنست کہ بر چہار حرف اصلی او چیزے زیادہ نبود چوں دَحْرَجَ بروزن فَعْلَلَ ۔ و رباعی مزید فیہ آنست کہ از چہار حرف اصلی او چیزے زیادہ بود چوں تَدَحْرَجَ بروزن تَفَعْلَلَ ۔ و خماسی نیز بر دو قسم ست خماسی مجرد و خماسی مزید فیہ ۔ خماسی مجرد آنست کہ بر پنج حرف اصلی او چیزے زیادہ نبود چوں جَحْمَرِشٌ بروزن فَعْلَلِلٌ ۔

ترجمہ: اور ثلاثی مزید فیہ وہ ہے کہ اس کے تین حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ ہو جیسے أَكْرَمَ، أَفْعَلَ کے وزن پر۔ اور رباعی بھی دو قسم پر ہے، رباعی مجرد اور رباعی مزید فیہ۔ رباعی مجرد وہ ہے کہ اس کے چار حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ نہ ہو جیسے دَحْرَجَ، فَعْلَلَ کے وزن پر۔ اور رباعی مزید فیہ وہ ہے کہ اس کے چار حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ ہو جیسے تَدَحْرَجَ، تَفَعْلَلَ کے وزن پر۔ اور خماسی بھی دو قسم پر ہے، خماسی مجرد اور خماسی مزید فیہ۔ خماسی مجرد وہ ہے کہ اس کے پانچ حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ نہ ہو جیسے جَحْمَرِشٌ، فَعْلَلِلٌ کے وزن پر۔

وخماسی مزید فیہ آنست کہ از پنج حرف اصلی او چیزے زیادہ بود چوں خَنْدَرِیْسٌ بروزن فَعْلَلِیْلٌ۔ بدانکہ جملہ اقسام اسم وفعل از ہفت قسم بیروں نیست: صحیح است یا مہموز یا مضاعف یا مثال یا اجوف یا ناقص یا لفیف۔ صحیح آنست کہ در مقابلہ فا و عین ولام کلمہ اسم یا فعل حرفِ علّت و ہمزہ وتضعیف نبود چوں ضَرْبٌ (اسم) و ضَرَبَ (فعل) بروزن فَعْلٌ وفَعَلَ۔ وحرفِ علّت سہ اند واو والف ویا چوں جمع کنی وَایٌ شود۔

ترجمہ: اور خماسی مزید فیہ وہ ہے کہ اس کے پانچ حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ ہو جیسے خَنْدَرِیْسٌ، فَعْلَلِیْلٌ کے وزن پر۔ جان لے تو کہ اسم اور فعل کی تمام اقسام سات قسموں سے باہر نہیں ہیں۔ یا تو صحیح ہے یا مہموز ہے یا مضاعف یا مثال یا اجوف یا ناقص یا لفیف۔ صحیح وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے فا، عین اور لام کے مقابلے میں حرفِ علّت، ہمزہ اور دو حرف ایک جنس کے نہ ہوں جیسے ضَرْبٌ (اسم) و ضَرَبَ (فعل)، فَعْلٌ و فَعَلَ کے وزن پر۔ اور حرفِ علّت تین ہیں واو، الف اور یا۔ جب تو ان کو جمع کرے تو وَایٌ بن جائے گا۔ (ہفت اقسام کو اس شعر میں جمع کیا گیا ہے:

شعر
صحیح است ومثال است ومضاعف
لفیف وناقص ومہموز واجوف)

مہموز آنست کہ یک حرف اصلی او ہمزہ بود و مہموز بر سہ قسم ست مہموز الفاء و مہموز العین و مہموز اللام ۔ مہموز الفاء آنست کہ در مقابلۂ فا کلمہ اسم یا فعل ہمزہ بود چوں اَمْرٌ (اسم) وَاَمَرَ بر وزن فَعْلٌ و فَعَلَ ۔ و مہموز العین آنست کہ در مقابلۂ عین کلمہ اسم یا فعل ہمزہ بود چوں سَأْلٌ وسَأَلَ بر وزن فَعْلٌ و فَعَلَ ۔ مہموز اللام آنست کہ در مقابلۂ لام کلمہ اسم یا فعل ہمزہ بود چوں قَرْءٌ وقَرَءَ بر وزن فَعْلٌ و فَعَلَ ۔
ومضاعف آنست کہ دو حرف اصلی او از یک جنس باشند۔

ترجمہ : مہموز وہ ہے کہ اس کا ایک حرف اصلی ہمزہ ہو، اور مہموز تین قسم پر ہے مہموز الفاء، مہموز العین اور مہموز اللام۔ مہموز الفاء وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے فا کے مقابلے میں ہمزہ ہو جیسے اَمْرٌ و اَمَرَ، فَعْلٌ و فَعَلَ کے وزن پر۔ مہموز العین وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے عین کے مقابلے میں ہمزہ ہو جیسے سَأْلٌ وسَأَلَ، فَعْلٌ و فَعَلَ کے وزن پر۔ مہموز اللام وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے لام کے مقابلے میں ہمزہ ہو جیسے قَرْءٌ و قَرَءَ، فَعْلٌ و فَعَلَ کے وزن پر۔

اور مضاعف وہ ہے کہ اس کے دو حرف اصلی ایک جنس کے ہوں

ومضاعف بر دو قسم است مضاعف ثلاثی و مضاعف رباعی مضاعف ثلاثی آنست کہ در مقابلۂ عین و لام کلمہ اسم یا فعل دو حرف از یک جنس باشند چوں مَدٌّ (اسم) و مَدَّ (فعل) کہ دراصل مَدَدٌ و مَدَدَ بودہ است بروزن فَعَلٌ و فَعَلَ ۔ ومضاعف رباعی آنست کہ در مقابلۂ فا و لام اولیٰ و عین و لام ثانی اسم یا فعل دو حرف از یک جنس باشند چوں زَلْزَلَ (فعل) و زِلْزَالًا (اسم) بروزن فَعْلَلَ و فِعْلَالًا ۔ ومثال آنست کہ در مقابلۂ فا کلمہ اسم یا فعل حرف علت بود چوں وَصْلٌ و وَصَلَ بروزن فَعْلٌ و فَعَلَ ۔

ترجمہ: اور مضاعف دو قسم پر ہے، مضاعف ثلاثی اور مضاعف رباعی ۔ مضاعف ثلاثی وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے عین اور لام کے مقابلے میں دو حرف ایک جنس کے ہوں جیسے مَدٌّ و مَدَّ کے اصل میں مَدَدٌ اور مَدَدَ تھے، فَعَلٌ اور فَعَلَ کے وزن پر ۔ اور مضاعف رباعی وہ ہے کہ اسم یا فعل کے فا اور لامِ اوّل اور عین اور لامِ ثانی کے مقابلے میں دو حرف ایک جنس کے ہوں جیسے زَلْزَلَ اور زِلْزَالًا، فَعْلَلَ وفِعْلَالًا کے وزن پر ۔ اور مثال وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے فا کے مقابلے میں حرف علت آئے جیسے وَصْلٌ اور وَصَلَ ، فَعْلٌ اور فَعَلَ کے وزن پر ۔

واجوف آنست کہ در مقابلِ عین کلمہ اسم یا فعل حرفِ علت بود چوں قَوْلٌ و قَالَ و بَیْعٌ و بَاعَ بر وزن فَعْلٌ و فَعَلَ۔ وناقص[1] آنست کہ در مقابلِ لام کلمہ اسم یا فعل حرفِ علت بود چوں غَزْوٌ وغَزَا و رَمْیٌ و رَمٰی بروزن فَعْلٌ و فَعَلَ۔

(قَوْلٌ: اسم، قَالَ: فعل، بَیْعٌ: اسم، بَاعَ: فعل)

ترجمہ: اور اجوف وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے عین کے مقابلے میں حرفِ علّت آئے جیسے قَوْلٌ وقَالَ اور بَیْعٌ و بَاعَ، فَعْلٌ و فَعَلَ کے وزن پر۔ اور ناقص وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے لام کے مقابلے میں حرف علّت آئے جیسے غَزْوٌ وغَزَا اور رَمْیٌ و رَمٰی، فَعْلٌ و فَعَلَ کے وزن پر۔

---

[1] مثال، اجوف اور ناقص کو ذہن میں پختہ کرنے کیلئے لفظ "مان" کو یاد رکھیں تو پھر ان میں فرق کرنے میں کبھی اشتباہ نہ ہوگا۔ لفظ "مان" بروزن فَعَل ہے۔ اس میں میم سے مثال، الف سے اجوف اور نون سے ناقص مراد ہے۔ اب جس صیغے کا پتہ لگانا ہو کہ یہ ناقص ہے یا اجوف یا مثال تو دیکھو کہ اس صیغے میں حرف علت کس کے مقابلے میں ہے۔ اگر حرف علّت فاء کے مقابلے میں ہو تو اب لفظ "مان" کو دیکھو، یہاں فاء کے مقابلے میں میم ہے اور میم سے بنتا ہے مثال۔ معلوم ہوا کہ وہ صیغہ مثال کے ابواب سے ہے۔ اور اگر حرف علّت عین کے مقابلے میں ہو تو "مان" میں عین کے مقابلے میں الف ہے اور الف سے بنتا ہے اجوف۔ معلوم ہوا وہ اجوف کا صیغہ ہے۔ اسی طرح اگر اس صیغہ میں حرف علّت لام کے مقابلے میں ہوا تو لفظ "مان" میں لام کے مقابلے میں نون ہے اور نون سے بنتا ہے ناقص۔ معلوم ہوا کہ وہ ناقص کا صیغہ ہے۔ مثلاً ہم نے لفظ "خَوف" کا پتہ چلانا ہے کہ یہ ناقص ہے، اجوف ہے یا مثال تو دیکھیں (بقیہ صفحہ ۲۳ پر ملاحظہ کریں)

ولفیف بر دو قسم است لفیف مفروق ولفیف مقرون۔ لفیف مفروق آنست کہ در مقابلہ فاء ولام کلمہ اسم یا فعل حرفِ علّت بود چوں وَقْيٌ ووَقٰی بروزن فَعْلٌ وفَعَلَ۔ لفیف مقرون آنست کہ در مقابلہ عین ولام کلمہ اسم یا فعل حرفِ علّت بود چوں طَيٌّ وطَوٰی وَحَيٌّ وحَيِيَ بروزن فَعْلٌ وفَعَلَ یا فَعِلَ۔

بدانکہ اسم بر دو قسم است اسم جامد واسم مصدر۔

ترجمہ: اور لفیف دو قسم پر ہے لفیف مفروق اور لفیف مقرون۔ لفیف مفروق وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے فا اور لام کے مقابلے میں حرف علّت آئے جیسے وَقْيٌ اور وَقٰی، فَعْلٌ وفَعَلَ کے وزن پر۔ لفیف مقرون وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے عین اور لام کے مقابلے میں حرفِ علّت آئے جیسے طَيٌّ وطَوٰی اور حَيٌّ وحَيِيَ، فَعْلٌ وفَعَلَ کے وزن پر۔

جان لے تو کہ اسم دو قسم پر ہے اسم جامد اور اسم مصدر۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۲) کہ خَوْفٌ بروزن فَعْلٌ میں حرف علت یعنی واو عین کے مقابلے میں ہے۔ اب لفظ "مان" میں دیکھیں وہاں عین کے مقابلہ میں الف ہے اور الف سے اجوف بنتا ہے۔ معلوم ہوا کہ "خوف" ہفت اقسام میں اجوف ہے۔ تو لفظ "مان" کو سامنے رکھنے سے ان شاء اللہ کبھی بھی ناقص، اجوف اور مثال میں اشتباہ واقع نہ ہوگا۔ ۱۲۔ محمد زبیر عفی عنہ۔

اسم جامد آنست کہ از وے چیزے اشتقاق کردہ نشود ودر آخر معنئ فارسئ او دال و نون یا تا و نون نباشد چوں رَجُلٌ و فَرَسٌ ۔ مصدر آنست کہ از وے چیزے اشتقاق کردہ شود ودر آخر معنئ فارسئ او دال و نون یا تا و نون باشد چوں اَلضَّرْبُ زدن وَالْقَتْلُ کشتن ۔

ترجمہ : اسم جامد وہ ہے کہ اس سے کسی چیز کا اشتقاق نہ کیا جاتا ہو اور اس کے فارسی معنی کے آخر میں دال اور نون یا تا اور نون نہ ہو (یعنی فارسی معنی کے آخر میں "دَنْ" یا "تَنْ" نہ آئے) جیسے رَجُلٌ و فَرَسٌ ۔ اسم مصدر وہ ہے کہ اس سے کسی چیز کا اشتقاق کیا جاتا ہو اور اس کے فارسی معنی کے آخر میں دال اور نون یا تا اور نون ہو (یعنی فارسی معنی کے آخر میں "دَنْ" یا "تَنْ" آئے) جیسے اَلضَّرْبُ زدن وَالْقَتْلُ کشتن ۔ (اور اردو میں مصدر کا ترجمہ کریں تو آخر میں "نا" آتا ہے) ۔

بدانکہ عرب از ہر مصدر دوازدہ چیزے اشتقاق میکنند ۔

ترجمہ: جان لے کہ عرب ہر مصدر سے بارہ چیزوں کا اشتقاق کرتے ہیں :

ماضی ۱	مضارع ۲	اسم فاعل ۳	اسم مفعول ۴	جحد ۵	نفی ۶
امر ۷	نہی ۸	اسم زمان ۹	اسم مکان ۱۰	اسم آلہ ۱۱	اسم تفضیل ۱۲

ماضی	گزشتہ زمانے کو کہتے ہیں	امر	کسی کام کا کہنا (حکم دینا)
مضارع	زمانہ حال یا استقبال کو کہتے ہیں	نہی	کسی کام سے روکنا
اسم فاعل	کام کرنے والے کے نام کو کہتے ہیں	اسم زمان	کام کرنے کے وقت کا نام ہے
اسم مفعول	جس پر کام واقع ہوا ہو	اسم مکان	کام کرنے کی جگہ کا نام ہے
جحد	انکارِ ماضی کو کہتے ہیں	اسم آلہ	اس چیز کا نام ہے جس کے ذریعہ کام کیا جائے
نفی	مستقبل کے انکار کو کہتے ہیں	اسم تفضیل	بہتر کے نام کو کہتے ہیں

بدانکہ فعل حدث ست او را محدثے مے باید ۔

ترجمہ: جان لے تو کہ فعل کام ہے، اس کیلئے کوئی کام کرنے والا چاہیئے (جیسے کھانا ایک کام ہے، اس کیلئے کھانے والا چاہیئے۔ پینا ایک کام ہے، اس کیلئے پینے والا چاہیئے) ۔

محدث او فاعل اوست و فاعلِ فعل واحد بود و تثنیہ بود و جمع بود - و ہر یک ازیں سہ متکلم بود و مخاطب بود و غائب بود - و ہر یک ازیں سہ مذکر بود و مؤنث بود - واحد یکے تثنیہ دو جمع زیادہ از دو - و متکلم سخن گوینده را گویند - مخاطب آنکہ با وے سخن کنند - غائب آنکہ از وے سخن کنند - مذکر مرد مؤنث زن - ماضی بر دو قسم است ماضی معلوم و ماضی مجہول۔

ترجمہ : فعل کو کرنے والا فاعل کہلاتا ہے اور فعل کا فاعل واحد ہوگا یا تثنیہ ہوگا یا جمع ہوگا - اور ان تینوں میں سے ہر ایک متکلم ہوگا اور مخاطَب ہوگا اور غائب ہوگا۔ اور ان تینوں میں سے ہر ایک مذکر ہوگا اور مؤنث ہوگا - واحد ایک کو کہتے ہیں، تثنیہ دو کو اور جمع دو سے زیادہ کو کہتے ہیں - اور متکلم بات کرنے والے کو کہتے ہیں اور مخاطَب وہ ہے جس کے ساتھ بات کی جائے اور غائب وہ ہے کہ اس کے بارے میں بات کی جائے - مذکر مرد کو کہتے ہیں اور مؤنث عورت کو - ماضی دو قسم پر ہے ماضی معلوم اور ماضی مجہول۔

ماضی معلوم را چہاردہ صیغہ است۔ شش ازاں غائب را وشش ازاں مخاطب را بود ودو ازاں حکایت نفس متکلم را بود۔ آں شش کہ غائب را بود سہ ازاں مذکر را بود وسہ ازاں مؤنث را بود۔ وآں شش کہ مخاطب را بود سہ ازاں مذکر را بود وسہ ازاں مؤنث را بود۔ وآں دو کہ متکلم را بود یکے ازاں واحد متکلم را بود خواہ مذکر بود آں متکلم خواہ مؤنث

ترجمہ: ماضی معلوم کے چودہ صیغے ہیں، چھ ان میں سے غائب کے ہیں اور چھ ان میں سے مخاطب کے ہیں، اور دو ان میں سے نفسِ متکلم کی حکایت کیلئے ہیں۔ وہ چھ صیغے جو غائب کیلئے ہیں تین ان میں سے مذکر غائب کیلئے ہیں اور تین ان میں سے مؤنث غائب کیلئے ہیں۔ اور وہ چھ صیغے جو مخاطب کیلئے ہیں تین ان میں سے مذکر مخاطب کیلئے ہیں اور تین ان میں سے مؤنث مخاطب کیلئے ہیں۔ اور وہ دو صیغے جو متکلم کیلئے ہیں ایک ان میں سے واحد متکلم کے لئے ہے خواہ وہ متکلم مذکر ہو یا مؤنث

ودوم متکلم مع الغیر را بود خواہ تثنیہ بود آں متکلم خواہ جمع ، خواہ مذکر بود خواہ مؤنث ۔
اکنوں معانی دوازدہ اقسام بزبانِ پارسی بیان میکنیم ، بِعَوْنِ اللّٰہِ تَعَالیٰ وَتَوْفِیْقِہٖ ۔ رَبِّ یَسِّرْ ۔

ترجمہ : اور دوسرا متکلم کا صیغہ متکلم مع الغیر کیلئے ہے خواہ وہ متکلم تثنیہ ہو یا جمع ، خواہ مذکر ہو خواہ مؤنث ۔

اب میں ان بارہ اقسام کے معانی فارسی زبان[1] میں بیان کرتا ہوں ، اللہ تعالیٰ کی مدد اور توفیق کے ساتھ ۔
اے میرے پروردگار آسان فرما ۔

---

[1] طلباء کی آسانی کے لئے کتاب ھذا میں ان بارہ اقسام کے معانی فارسی کی بجائے اردو زبان میں درج کئے گئے ہیں ۔ ۱۲

فعل ماضی معلوم	صرف کبیر فعل ماضی معلوم		
ضَرَبَ	مارا اس ایک مرد نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل ماضی معلوم
ضَرَبَا	مارا ان دو مردوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	〃
ضَرَبُوْا	مارا ان سب مردوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مذکر غائب	〃
ضَرَبَتْ	مارا اس ایک عورت نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مؤنث غائب	〃
ضَرَبَتَا	مارا ان دو عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	〃
ضَرَبْنَ	مارا ان سب عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مؤنث غائب	〃
ضَرَبْتَ	مارا تو ایک مرد نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	〃
ضَرَبْتُمَا	مارا تم دو مردوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	〃
ضَرَبْتُمْ	مارا تم سب مردوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مذکر حاضر	〃
ضَرَبْتِ	مارا تو ایک عورت نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مؤنث حاضر	〃
ضَرَبْتُمَا	مارا تم دو عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	〃
ضَرَبْتُنَّ	مارا تم سب عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مؤنث حاضر	〃
ضَرَبْتُ	مارا میں ایک مرد یا ایک عورت نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد متکلم	〃
ضَرَبْنَا	مارا ہم دو مردوں یا دو عورتوں نے یا سب مردوں یا سب عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع متکلم و تثنیہ متکلم یا صیغہ متکلم مع الغیر	〃

فعل ماضی مجہول	صرف کبیر فعل ماضی مجہول		
ضُرِبَ [۱]	مارا گیا وہ ایک مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل ماضی مجہول
ضُرِبَا	مارے گئے وہ دو مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
ضُرِبُوْا	مارے گئے وہ سب مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مذکر غائب	//
ضُرِبَتْ	ماری گئی وہ ایک عورت زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
ضُرِبَتَا	ماری گئیں وہ دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
ضُرِبْنَ	ماری گئیں وہ سب عورتیں زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
ضُرِبْتَ	مارا گیا تو ایک مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	//
ضُرِبْتُمَا	مارے گئے تم دو مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
ضُرِبْتُمْ	مارے گئے تم سب مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
ضُرِبْتِ	ماری گئی تو ایک عورت زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
ضُرِبْتُمَا	ماری گئیں تم دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
ضُرِبْتُنَّ	ماری گئیں تم سب عورتیں زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//
ضُرِبْتُ	مارا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد متکلم	//
ضُرِبْنَا	مارے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع متکلم	//

[۱] ماضی مجہول کو ماضی معروف سے بناتے ہیں، یعنی ضُرِبَ کو ضَرَبَ سے بنایا گیا۔ پہلے حرف کو ضمہ دیا اور دوسرے کو کسرہ تو ضُرِبَ بن گیا۔ اسی طرح ضُرِبَا ضَرَبَا سے بنایا گیا گردان کے آخر تک۔ ۱۲

صرف کبیر فعل مضارع معلوم

فعل مضارع معلوم

يَضْرِبُ[ه]	مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل مضارع معلوم
يَضْرِبَانِ	مارتے ہیں یا ماریں گے وہ دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	〃
يَضْرِبُوْنَ	مارتے ہیں یا ماریں گے وہ سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر غائب	〃
تَضْرِبُ	مارتی ہے یا مارے گی وہ ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث غائب	〃
تَضْرِبَانِ	مارتی ہیں یا ماریں گی وہ دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	〃
يَضْرِبْنَ	مارتی ہیں یا ماریں گی وہ سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث غائب	〃
تَضْرِبُ	مارتا ہے یا مارے گا تو ایک مرد	〃	صیغہ واحد مذکر حاضر	〃
تَضْرِبَانِ	مارتے ہو یا مارو گے تم دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	〃
تَضْرِبُوْنَ	مارتے ہو یا مارو گے تم سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر حاضر	〃
تَضْرِبِيْنَ	مارتی ہے یا مارے گی تو ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث حاضر	〃
تَضْرِبَانِ	مارتی ہو یا مارو گی تم دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	〃
تَضْرِبْنَ	مارتی ہو یا مارو گی تم سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث حاضر	〃
اَضْرِبُ	مارتا ہوں یا ماروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	〃	صیغہ واحد متکلم	〃
نَضْرِبُ	مارتے ہیں یا ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	〃	صیغہ جمع متکلم	〃

ه مضارع معروف کو ماضی معروف سے بناتے ہیں، یعنی يَضْرِبُ کو ضَرَبَ سے بنایا گیا۔ ضَرَبَ کے شروع میں حرف فا کو ساکن کرنے کے بعد حروف "اَتَيْنَ" میں سے ایک مفتوح حرف کو لے آئے اور پھر عین کے فتحہ کو کسرہ سے بدل دیا گیا اور پھر لام کو ضمہ اعرابی دیا گیا تو يَضْرِبُ ہوگیا۔ اسی طرح باقی صیغوں میں کیا گیا۔ ۱۲

فعل مضارع مجہول	صرف کبیر فعل مضارع مجہول			
يُضْرَبُ [1]	مارا جاتا ہے یا مارا جائیگا وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل مضارع مجہول
يُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے وہ دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
يُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے وہ سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر غائب	//
تُضْرَبُ	ماری جاتی ہے یا ماری جائیگی وہ ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہیں یا ماری جائینگی وہ دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
يُضْرَبْنَ	ماری جاتی ہیں یا ماری جائینگی وہ سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
تُضْرَبُ	مارا جاتا ہے یا مارا جائیگا تو ایک مرد	//	صیغہ واحد مذکر حاضر	//
تُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
تُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
تُضْرَبِيْنَ	ماری جاتی ہے یا ماری جائیگی تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
تُضْرَبْنَ	ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//
اُضْرَبُ	مارا جاتا ہوں یا مارا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت	//	صیغہ واحد متکلم	//
نُضْرَبُ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	//	صیغہ جمع متکلم	//

[1] مضارع مجہول کو مضارع معروف سے بناتے ہیں، یعنی يُضْرَبُ کو يَضْرِبُ سے بنایا گیا۔ حرفِ اول کو ضمہ دیا گیا اور آخر سے ما قبل کو فتحہ دیا گیا تو يُضْرَبُ ہوا۔ اسی طرح باقی صیغے بھی بنائے گئے۔ ۱۲

صرف کبیر اسمِ فاعل

ضَارِبٌ[1]	مارنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر اسم فاعل
ضَارِبَانِ	مارنے والے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل
ضَارِبُوْنَ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر اسم فاعل
ضَارِبَۃٌ	مارنے والی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل
ضَارِبَتَانِ	مارنے والی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث اسم فاعل
ضَارِبَاتٌ	مارنے والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث سالم اسم فاعل

صرف کبیر اسم مفعول

مَضْرُوْبٌ	ایک مرد مارا ہوا	صیغہ واحد مذکر اسم مفعول
مَضْرُوْبَانِ	دو مرد مارے ہوئے	صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول
مَضْرُوْبُوْنَ	سب مرد مارے ہوئے	صیغہ جمع مذکر اسم مفعول
مَضْرُوْبَۃٌ	ایک عورت ماری ہوئی	صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول
مَضْرُوْبَتَانِ	دو عورتیں ماری ہوئیں	صیغہ تثنیہ مؤنث اسم مفعول
مَضْرُوْبَاتٌ	سب عورتیں ماری ہوئیں	صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول
مَضَارِیْبُ	سب عورتیں ماری ہوئیں	صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم مفعول
مُضَیْرِیْبٌ	ایک مرد تھوڑا سا مارا ہوا	صیغہ واحد مذکر مصغر اسم مفعول
وَمُضَیْرِیْبَۃٌ	ایک عورت تھوڑی سی ماری ہوئی	صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم مفعول

[1] اسم فاعل کو فعل مضارع معروف سے بناتے ہیں، یعنی ضَارِبٌ کو یَضْرِبُ سے بنایا گیا حرف مضارع یعنی یا کو حذف کیا گیا، فاء کو فتحہ دیا گیا، پھر فاء اور عین کے درمیان الف زائدہ کو بڑھایا گیا اور پھر صیغے کے آخر میں تنوین کا اضافہ کر دیا گیا تاکہ اسم کا فرق ہو جائے فعل سے تو ضَارِبٌ ہوا - ۱۲

فعل جحد معلوم	صرف کبیر فعل جحد معلوم			
لَمْ یَضْرِبْ[1]	نہیں مارا اس ایک مرد نے	زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل جحد معلوم
لَمْ یَضْرِبَا	نہیں مارا ان دو مردوں نے	″	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	″
لَمْ یَضْرِبُوْا	نہیں مارا ان سب مردوں نے	″	صیغہ جمع مذکر غائب	″
لَمْ تَضْرِبْ	نہیں مارا اس ایک عورت نے	″	صیغہ واحد مؤنث غائب	″
لَمْ تَضْرِبَا	نہیں مارا ان دو عورتوں نے	″	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	″
لَمْ یَضْرِبْنَ	نہیں مارا ان سب عورتوں نے	″	صیغہ جمع مؤنث غائب	″
لَمْ تَضْرِبْ	نہیں مارا تو ایک مرد نے	″	صیغہ واحد مذکر حاضر	″
لَمْ تَضْرِبَا	نہیں مارا تم دو مردوں نے	″	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	″
لَمْ تَضْرِبُوْا	نہیں مارا تم سب مردوں نے	″	صیغہ جمع مذکر حاضر	″
لَمْ تَضْرِبِیْ	نہیں مارا تو ایک عورت نے	″	صیغہ واحد مؤنث حاضر	″
لَمْ تَضْرِبَا	نہیں مارا تم دو عورتوں نے	″	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	″
لَمْ تَضْرِبْنَ	نہیں مارا تم سب عورتوں نے	″	صیغہ جمع مؤنث حاضر	″
لَمْ اَضْرِبْ	نہیں مارا میں ایک مرد یا ایک عورت نے	″	صیغہ واحد متکلم	″
لَمْ نَضْرِبْ	نہیں مارا ہم دو مردوں یا دو عورتوں نے یا ہم سب مردوں یا سب عورتوں نے	″	صیغہ جمع متکلم	″

[1] فعل جحد معلوم کو فعل مضارع معلوم سے بناتے ہیں، یعنی لَمْ یَضْرِبْ کو یَضْرِبُ سے بنایا گیا۔ فعل مضارع کے شروع میں لَمْ جازمہ لایا گیا اور آخر میں جزم دیا گیا تو لَمْ یَضْرِبْ ہوا۔ جن صیغوں کے آخر میں نون اعرابی تھا تو لَمْ جازمہ کی وجہ سے وہ نون اعرابی گر گیا۔ نون اعرابی سات صیغوں کے آخر میں آتا ہے یضربان، یضربون، تضربان، تضربان، تضربون، تضربین اور تضربان۔ جمع مؤنث کے دو صیغے یعنی یضربن اور تضربن میں نون اعرابی نہیں بلکہ ضمیر ہے اس لئے وہ نہیں گرے گا۔ فعل مضارع میں جمع مؤنث کے یہ دو صیغے مبنی ہیں جبکہ مضارع کے باقی تمام صیغے معرب ہیں۔ لَمْ جازمہ فعل مضارع کے معنی کو ماضی منفی میں بدل دیتا ہے۔ ۱۲

فعل جحد مجہول	صرف کبیر فعل جحد مجہول			
لَمْ يُضْرَبْ	نہیں مارا گیا وہ ایک مرد	زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل جحد مجہول
لَمْ يُضْرَبَا	نہیں مارے گئے وہ دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
لَمْ يُضْرَبُوْا	نہیں مارے گئے وہ سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر غائب	//
لَمْ تُضْرَبْ	نہیں ماری گئی وہ ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
لَمْ تُضْرَبَا	نہیں ماری گئیں وہ دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
لَمْ يُضْرَبْنَ	نہیں ماری گئیں وہ سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
لَمْ تُضْرَبْ	نہیں مارا گیا تو ایک مرد	//	صیغہ واحد مذکر حاضر	//
لَمْ تُضْرَبَا	نہیں مارے گئے تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
لَمْ تُضْرَبُوْا	نہیں مارے گئے تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
لَمْ تُضْرَبِیْ	نہیں ماری گئی تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
لَمْ تُضْرَبَا	نہیں ماری گئیں تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
لَمْ تُضْرَبْنَ	نہیں ماری گئیں تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//
لَمْ اُضْرَبْ	نہیں مارا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت	//	صیغہ واحد متکلم	//
لَمْ نُضْرَبْ	نہیں مارے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	//	صیغہ جمع متکلم	//

فعل نفی معلوم	صرف کبیر فعل نفی معلوم			
لَایَضْرِبُ	نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نفی معلوم
لَایَضْرِبَانِ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے وہ دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
لَایَضْرِبُوْنَ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے وہ سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر غائب	//
لَاتَضْرِبُ	نہیں مارتی ہے یا نہیں مارے گی وہ ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
لَاتَضْرِبَانِ	نہیں مارتی ہیں یا نہیں ماریں گی وہ دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
لَایَضْرِبْنَ	نہیں مارتی ہیں یا نہیں ماریں گی وہ سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
لَاتَضْرِبُ	نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا تو ایک مرد	//	صیغہ واحد مذکر حاضر	//
لَاتَضْرِبَانِ	نہیں مارتے ہو یا نہیں مارو گے تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
لَاتَضْرِبُوْنَ	نہیں مارتے ہو یا نہیں مارو گے تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
لَاتَضْرِبِیْنَ	نہیں مارتی ہے یا نہیں مارے گی تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
لَاتَضْرِبَانِ	نہیں مارتی ہو یا نہیں مارو گی تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
لَاتَضْرِبْنَ	نہیں مارتی ہو یا نہیں مارو گی تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//
لَااَضْرِبُ	نہیں مارتا ہوں یا نہیں ماروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	//	صیغہ واحد متکلم	//
لَانَضْرِبُ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	//	صیغہ جمع متکلم	//

صرف کبیر فعل نفی مجہول

فعل نفی مجہول

لَا یُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائیگا وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نفی مجہول
لَا یُضْرَبَانِ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے وہ دو مرد	″	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	″
لَا یُضْرَبُوْنَ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے وہ سب مرد	″	صیغہ جمع مذکر غائب	″
لَا تُضْرَبُ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائے گی وہ ایک عورت	″	صیغہ واحد مؤنث غائب	″
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں ماری جاتی ہیں یا نہیں ماری جائیں گی وہ دو عورتیں	″	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	″
لَا یُضْرَبْنَ	نہیں ماری جاتی ہیں یا نہیں ماری جائیں گی وہ سب عورتیں	″	صیغہ جمع مؤنث غائب	″
لَا تُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائے گا تو ایک مرد	″	صیغہ واحد مذکر حاضر	″
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں مارے جاتے ہو یا نہیں مارے جاؤ گے تم دو مرد	″	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	″
لَا تُضْرَبُوْنَ	نہیں مارے جاتے ہو یا نہیں مارے جاؤ گے تم سب مرد	″	صیغہ جمع مذکر حاضر	″
لَا تُضْرَبِیْنَ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائے گی تو ایک عورت	″	صیغہ واحد مؤنث حاضر	″
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں ماری جاتی ہو یا نہیں ماری جاؤ گی تم دو عورتیں	″	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	″
لَا تُضْرَبْنَ	نہیں ماری جاتی ہو یا نہیں ماری جاؤ گی تم سب عورتیں	″	صیغہ جمع مؤنث حاضر	″
لَا أُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہوں یا نہیں مارا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	″	صیغہ واحد متکلم	″
لَا نُضْرَبُ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	″	صیغہ جمع متکلم	″

فعل نفی مؤکد معلوم	صرف کبیر فعل نفی معلوم مؤکد بالَن[لہ] ناصبہ

لَن یَّضرِبَ	ہرگز نہیں مارے گا وہ ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نفی مؤکد معلوم
لَن یَّضرِبَا	ہرگز نہیں ماریں گے وہ دو مرد	″	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	″
لَن یَّضرِبُوا	ہرگز نہیں ماریں گے وہ سب مرد	″	صیغہ جمع مذکر غائب	″
لَن تَضرِبَ	ہرگز نہیں مارے گی وہ ایک عورت	″	صیغہ واحد مؤنث غائب	″
لَن تَضرِبَا	ہرگز نہیں ماریں گی وہ دو عورتیں	″	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	″
لَن یَّضرِبنَ	ہرگز نہیں ماریں گی وہ سب عورتیں	″	صیغہ جمع مؤنث غائب	″
لَن تَضرِبَ	ہرگز نہیں مارے گا تو ایک مرد	″	صیغہ واحد مذکر حاضر	″
لَن تَضرِبَا	ہرگز نہیں مارو گے تم دو مرد	″	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	″
لَن تَضرِبُوا	ہرگز نہیں مارو گے تم سب مرد	″	صیغہ جمع مذکر حاضر	″
لَن تَضرِبِی	ہرگز نہیں مارے گی تو ایک عورت	″	صیغہ واحد مؤنث حاضر	″
لَن تَضرِبَا	ہرگز نہیں مارو گی تم دو عورتیں	″	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	″
لَن تَضرِبنَ	ہرگز نہیں مارو گی تم سب عورتیں	″	صیغہ جمع مؤنث حاضر	″
لَن اَضرِبَ	ہرگز نہیں ماروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	″	صیغہ واحد متکلم	″
لَن نَضرِبَ	ہرگز نہیں ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	″	صیغہ جمع متکلم	″

لہ لن ناصبہ فعل مضارع کے معنی کو مستقبل کے ساتھ خاص کر کے اس میں نفی پیدا کر دیتا ہے لہذا مضارع میں حال کا معنی باقی نہیں رہتا۔ لن ناصبہ فعل مضارع پر داخل ہو تو اس کے آخر سے ضمہ گرا کر نصب دے دیتا ہے جبکہ وہ سات صیغے جن کے آخر میں نونِ اعرابی ہے تو لن ناصبہ اس نون اعرابی کو گرا دیتا ہے۔ جمع مؤنث کے دو صیغوں میں کوئی تبدیلی نہیں آتی ۱۲

فعل نفی مؤکد مجہول	# صرف کبیر فعل نفی مجہول مؤکد بالن ناصبہ

لَنْ يُّضْرَبَ	ہرگز نہیں مارا جائیگا وہ ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نفی مؤکد مجہول
لَنْ يُّضْرَبَا	ہرگز نہیں مارے جائیں گے وہ دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	〃
لَنْ يُّضْرَبُوْا	ہرگز نہیں مارے جائیں گے وہ سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر غائب	〃
لَنْ تُضْرَبَ	ہرگز نہیں ماری جائیگی وہ ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث غائب	〃
لَنْ تُضْرَبَا	ہرگز نہیں ماری جائیں گی وہ دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	〃
لَنْ يُّضْرَبْنَ	ہرگز نہیں ماری جائیں گی وہ سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث غائب	〃
لَنْ تُضْرَبَ	ہرگز نہیں مارا جائے گا تو ایک مرد	〃	صیغہ واحد مذکر حاضر	〃
لَنْ تُضْرَبَا	ہرگز نہیں مارے جاؤ گے تم دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	〃
لَنْ تُضْرَبُوْا	ہرگز نہیں مارے جاؤ گے تم سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر حاضر	〃
لَنْ تُضْرَبِيْ	ہرگز نہیں ماری جائیگی تو ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث حاضر	〃
لَنْ تُضْرَبَا	ہرگز نہیں ماری جاؤ گی تم دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	〃
لَنْ تُضْرَبْنَ	ہرگز نہیں ماری جاؤ گی تم سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث حاضر	〃
لَنْ اُضْرَبَ	ہرگز نہیں مارا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت	〃	صیغہ واحد متکلم	〃
لَنْ نُّضْرَبَ	ہرگز نہیں مارے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	〃	صیغہ جمع متکلم	〃

صرف کبیر فعل امر حاضر معلوم بے لام

فعل امر حاضر معلوم بے لام

اِضْرِبْ	مار تو ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	امر حاضر معلوم بے لام
اِضْرِبَا	مارو تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
اِضْرِبُوْا	مارو تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
اِضْرِبِیْ	مار تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
اِضْرِبَا	مارو تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
اِضْرِبْنَ	مارو تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//

صرف کبیر فعل امر حاضر مجہول بالام

فعل امر حاضر مجہول بالام

لِتُضْرَبْ	چاہیئے کہ مار جا تو ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	فعل امر حاضر مجہولِ بالام
لِتُضْرَبَا	چاہیئے کہ مارے جاؤ تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
لِتُضْرَبُوْا	چاہیئے کہ مارے جاؤ تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
لِتُضْرَبِیْ	چاہیئے کہ ماری جائے تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
لِتُضْرَبَا	چاہیئے کہ ماری جاؤ تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
لِتُضْرَبْنَ	چاہیئے کہ ماری جاؤ تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//

فعل امر غائب معلوم	صرف کبیر فعل امر غائب معلوم			
لِيَضْرِبْ	چاہیئے کہ مارے وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل امر غائب معلوم
لِيَضْرِبَا	چاہیئے کہ ماریں وہ دو مرد	″	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	″
لِيَضْرِبُوْا	چاہیئے کہ ماریں وہ سب مرد	″	صیغہ جمع مذکر غائب	″
لِتَضْرِبْ	چاہیئے کہ مارے وہ ایک عورت	″	صیغہ واحد مؤنث غائب	″
لِتَضْرِبَا	چاہیئے کہ ماریں وہ دو عورتیں	″	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	″
لِيَضْرِبْنَ	چاہیئے کہ ماریں وہ سب عورتیں	″	صیغہ جمع مؤنث غائب	″
لِاَضْرِبْ	چاہیئے کہ ماروں میں ایک مرد یا ایک عورت	″	صیغہ واحد متکلم	″
لِنَضْرِبْ	چاہیئے کہ ماریں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	″	صیغہ جمع متکلم	″

فعل امر غائب مجہول	صرف کبیر فعل امر غائب مجہول			
لِيُضْرَبْ	چاہیئے کہ مارا جائے وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل امر غائب مجہول
لِيُضْرَبَا	چاہیئے کہ مارے جائیں وہ دو مرد	″	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	″
لِيُضْرَبُوْا	چاہیئے کہ مارے جائیں وہ سب مرد	″	صیغہ جمع مذکر غائب	″
لِتُضْرَبْ	چاہیئے کہ ماری جائے وہ ایک عورت	″	صیغہ واحد مؤنث غائب	″
لِتُضْرَبَا	چاہیئے کہ ماری جائیں وہ دو عورتیں	″	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	″
لِيُضْرَبْنَ	چاہیئے کہ ماری جائیں وہ سب عورتیں	″	صیغہ جمع مؤنث غائب	″
لِاُضْرَبْ	چاہیئے کہ مارا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت	″	صیغہ واحد متکلم	″
لِنُضْرَبْ	چاہیئے کہ مارے جائیں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	″	صیغہ جمع متکلم	″

صرف کبیر فعل نہی حاضر معلوم

فعل نہی حاضر معلوم				
لَا تَضْرِبْ	نہ مار تو ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	فعل نہی حاضر معلوم
لَا تَضْرِبَا	نہ مارو تم دو مرد	؍؍	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	؍؍
لَا تَضْرِبُوْا	نہ مارو تم سب مرد	؍؍	صیغہ جمع مذکر حاضر	؍؍
لَا تَضْرِبِیْ	نہ مار تو ایک عورت	؍؍	صیغہ واحد مؤنث حاضر	؍؍
لَا تَضْرِبَا	نہ مارو تم دو عورتیں	؍؍	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	؍؍
لَا تَضْرِبْنَ	نہ مارو تم سب عورتیں	؍؍	صیغہ جمع مؤنث حاضر	؍؍

صرف کبیر فعل نہی حاضر مجہول

فعل نہی حاضر مجہول				
لَا تُضْرَبْ	نہ مارا جائے تو ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	فعل نہی حاضر مجہول
لَا تُضْرَبَا	نہ مارے جاؤ تم دو مرد	؍؍	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	؍؍
لَا تُضْرَبُوْا	نہ مارے جاؤ تم سب مرد	؍؍	صیغہ جمع مذکر حاضر	؍؍
لَا تُضْرَبِیْ	نہ ماری جائے تو ایک عورت	؍؍	صیغہ واحد مؤنث حاضر	؍؍
لَا تُضْرَبَا	نہ ماری جاؤ تم دو عورتیں	؍؍	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	؍؍
لَا تُضْرَبْنَ	نہ ماری جاؤ تم سب عورتیں	؍؍	صیغہ جمع مؤنث حاضر	؍؍

فعل نہی غائب معلوم	صرف کبیر فعل نہی غائب معلوم

لَا یَضْرِبْ	نہ مارے وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نہی غائب معلوم
لَا یَضْرِبَا	نہ ماریں وہ دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	〃
لَا یَضْرِبُوْا	نہ ماریں وہ سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر غائب	〃
لَا تَضْرِبْ	نہ مارے وہ ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث غائب	〃
لَا تَضْرِبَا	نہ ماریں وہ دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	〃
لَا یَضْرِبْنَ	نہ ماریں وہ سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث غائب	〃
لَا اَضْرِبْ	نہ ماروں میں ایک مرد یا ایک عورت	〃	صیغہ واحد متکلم	〃
لَا نَضْرِبْ	نہ ماریں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	〃	صیغہ جمع متکلم	〃

فعل نہی غائب مجہول	صرف کبیر فعل نہی غائب مجہول

لَا یُضْرَبْ	نہ مارا جائے وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نہی غائب مجہول
لَا یُضْرَبَا	نہ مارے جائیں وہ دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	〃
لَا یُضْرَبُوْا	نہ مارے جائیں وہ سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر غائب	〃
لَا تُضْرَبْ	نہ ماری جائے وہ ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث غائب	〃
لَا تُضْرَبَا	نہ ماری جائیں وہ دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	〃
لَا یُضْرَبْنَ	نہ ماری جائیں وہ سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث غائب	〃
لَا اُضْرَبْ	نہ مارا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت	〃	صیغہ واحد متکلم	〃
لَا نُضْرَبْ	نہ مارے جائیں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	〃	صیغہ جمع متکلم	〃

صیغہائے اسم ظرف	ترجمہ صیغہائے اسم ظرف	نام صیغہ
مَضْرِبٌ	ایک وقت مارنے کا یا ایک جگہ مارنے کی	صیغہ واحد مذکر اسم ظرف
مَضْرِبَانِ	دو وقت مارنے کے یا دو جگہیں مارنے کی	صیغہ تثنیہ مذکر اسم ظرف
مَضَارِبُ	سب وقت مارنے کے یا سب جگہیں مارنے کی	صیغہ جمع مذکر مکسر اسم ظرف
وَمُضَیْرِبٌ	تھوڑا سا وقت مارنے کا یا تھوڑی سی جگہ مارنے کی	صیغہ واحد مذکر مصغر اسم ظرف
مَضْرِبَۃٌ	مضرب کے آخر میں تاء کا ملانا بھی جائز ہے	

صیغہائے اسم آلہ	ترجمہ صیغہائے اسم آلہ	نام صیغہ
مِضْرَبٌ	مارنے کا ایک آلہ	صیغہ واحد مذکر اسم آلہ
مِضْرَبَانِ	مارنے کے دو آلے	صیغہ تثنیہ مذکر اسم آلہ
مَضَارِبُ	مارنے کے بہت سے آلے	صیغہ جمع مذکر مکسر اسم آلہ
وَمُضَیْرِبٌ	مارنے کا ایک چھوٹا آلہ	صیغہ واحد مذکر مصغر اسم آلہ
مِضْرَبَۃٌ	مارنے کا ایک آلہ	صیغہ واحدہ مؤنث اسم آلہ
مِضْرَبَتَانِ	مارنے کے دو آلے	صیغہ تثنیہ مؤنث اسم آلہ
مَضَارِبُ	مارنے کے بہت سے آلے	صیغہ جمع مذکر مکسر اسم آلہ
مِضْرَابٌ	مارنے کا ایک آلہ	صیغہ واحد مذکر اسم آلہ
مِضْرَابَانِ	مارنے کے دو آلے	صیغہ تثنیہ مذکر اسم آلہ
مَضَارِیْبُ	مارنے کے بہت سے آلے	صیغہ جمع مذکر مکسر اسم آلہ

افعل التفضیل المذکر منہ	صرف کبیر اسم تفضیل مذکر	نام صیغہ
اَضْرَبُ	زیادہ مارنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل
اَضْرَبَانِ	زیادہ مارنے والے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل
اَضْرَبُوْنَ	زیادہ مارنے والے بہت سے مرد	صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل
اَضَارِبُ	زیادہ مارنے والے بہت سے مرد	صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل
وَاُضَیْرِبُ	تھوڑا زیادہ مارنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل

والمؤنث منہ	صرف کبیر اسم تفضیل مؤنث	نام صیغہ
ضُرْبٰی	ایک عورت زیادہ مارنے والی	صیغہ واحد مؤنث اسم تفضیل
ضُرْبَیَانِ	دو عورتیں زیادہ مارنے والی	صیغہ تثنیہ مؤنث اسم تفضیل
ضُرْبَیَاتٌ	سب عورتیں زیادہ مارنے والی	صیغہ جمع مؤنث سالم اسم تفضیل
ضُرَبٌ	سب عورتیں زیادہ مارنے والی	صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل
ضُرَیْبٰی	ایک عورت تھوڑا سا زیادہ مارنے والی	صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل

وفعل التعجب منہ	ترجمہ
مَا اَضْرَبَہٗ	کیا خوب مارا اس ایک مرد نے
وَاَضْرِبْ بِہٖ	کیا خوب مارا اس ایک مرد نے
وَضَرُبَ	کیا خوب مارا اس ایک مرد نے
وَضَرُبَتْ	کیا خوب مارا اس ایک عورت نے

ابوابُ الصَّرف

ازافاداتِ جامع المعقول والمنقول، مُحدثِ اعظم، فقیہ العصر
حضرت مولانا محمد موسیٰ رُوحانی بازی رحمہ اللہ تعالیٰ وطیّب آثارہ

رَبِّ یَسِّرْ وَلَاتُعَسِّرْ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ابوابِ صحیح ثلاثی مجرّد

بدانکہ ثلاثی مجرّد را شش ابواب مشہور است۔

۱ بابِ اول بروزنِ فَعَلَ یَفْعِلُ چوں اَلضَّرْبُ زدن۔ (مارنا)

ضَرَبَ یَضْرِبُ ضَرْبًا فھو ضَارِبٌ وَضُرِبَ یُضْرَبُ
ضَرْبًا فذاک مَضْرُوْبٌ لَمْ یَضْرِبْ لَمْ یُضْرَبْ
لَایَضْرِبُ لَایُضْرَبُ لَنْ یَّضْرِبَ لَنْ یُّضْرَبَ
الامرُ منہ اِضْرِبْ لِتُضْرَبْ لِیَضْرِبْ لِیُضْرَبْ
والنھیُ عنہ لَاتَضْرِبْ لَاتُضْرَبْ لَایَضْرِبْ لَایُضْرَبْ
والظرفُ منہ مَضْرِبٌ (مفعِل) والجمعُ مَضَارِبُ[۱] والآلۃُ منہ
مِضْرَبٌ (آلہ صغریٰ) مِضْرَبَۃٌ (آلہ وسطیٰ) مِضْرَابٌ (آلہ کبریٰ) والجمعُ مَضَارِبُ[۲] وَمَضَارِیْبُ[۳]
وافعلُ التفضیلِ المذکّرُ منہ اَضْرَبُ[۴] والجمعُ اَضَارِبُ[۵]
والمؤنّثُ منہ ضُرْبٰی ضُرْبَیَاتٌ ضُرَبٌ

سلہ ۲ۓ ۳ۓ ۴ۓ ۵ۓ ان پانچ صیغوں پر تنوین نہیں آئے گی اس لئے کہ یہ غیر منصرف ہیں
اور غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین نہیں آتے ۔ ۱۲

بابِ دوم بروزنِ فَعَلَ یَفْعُلُ چوں اَلنَّصْرُ مدد کردن (مدد کرنا) ۲

نَصَرَ یَنْصُرُ نَصْرًا فھو نَاصِرٌ وَنُصِرَ یُنْصَرُ نَصْرًا فذاك
مَنْصُوْرٌ لَمْ یَنْصُرْ لَمْ یُنْصَرْ لَا یَنْصُرُ لَا یُنْصَرُ لَنْ یَّنْصُرَ
لَنْ یُّنْصَرَ الامرُ منه اُنْصُرْ لِتُنْصَرْ لِیَنْصُرْ لِیُنْصَرْ
والنھیُ عنه لَا تَنْصُرْ لَا تُنْصَرْ لَا یَنْصُرْ لَا یُنْصَرْ
والظرفُ منه مَنْصَرٌ والجمع مَنَاصِرُ والآلةُ منه مِنْصَرٌ
مِنْصَرَةٌ مِنْصَارٌ (مَفْعَل) والجمع مَنَاصِرُ ومَنَاصِیْرُ ۔
وافعلُ التفضیلِ المذکرُ منه اَنْصَرُ والجمع اَنَاصِرُ
والمؤنّثُ منه نُصْرٰی نُصْرَیَاتٌ نُصَرٌ

ظرفِ یَفْعِلُ مَفْعِلُ است اِلّا زِناقص اے کمال
وازغیرِ یَفْعِلُ مَفْعَلُ است اِلّا زِابوابِ مثال[۱]

---

۱ ناقص سے ظرف ہمیشہ مَفْعَلُ یعنی مفتوح العین اور مثال سے ہمیشہ مَفْعِلُ یعنی مکسور العین ہوگا۔ اس ضابطے کو یاد کرنے کیلئے لفظ "ناقص" اور لفظ "مثال" کو ذہن میں رکھیں۔ لفظ "ناقص" کے پہلے حرف یعنی نون پر فتحہ ہے لہذا ظرف ہمیشہ مفتوح العین ہوگا، جبکہ لفظ "مثال" کا پہلا حرف یعنی میم مکسور ہے لہذا ظرف ہمیشہ مکسور العین ہوگا۔ ناقص ومثال کے علاوہ یعنی صحیح، مہموز، مضاعف، لفیف واجوف میں فعل مضارع معروف کے عین کلمے کو دیکھیں گے۔ اگر عین پر کسرہ یعنی زیر ہوئی تو ظرف مکسور العین ہوگا اور اگر اس باب کے فعل مضارع معروف کے عین کلمہ پر فتحہ یا ضمہ یعنی زبر یا پیش ہوئی تو ظرف مَفْعَل یعنی مفتوح العین ہوگا ۔ ۱۲
محمد زبیر عفی عنہ۔

۳

بابِ سوم بر وزنِ فَعِلَ یَفْعَلُ چوں اَلسَّمْعُ شُنیدن (سُننا)

سَمِعَ یَسْمَعُ سَمْعًا فھو سَامِعٌ وَسُمِعَ یُسْمَعُ سَمْعًا فذاك
مَسْمُوْعٌ لَمْ یَسْمَعْ لَمْ یُسْمَعْ لَا یَسْمَعُ لَا یُسْمَعُ لَنْ یَّسْمَعَ
لَنْ یُّسْمَعَ الامرُ منه اِسْمَعْ لِتُسْمَعْ لِیَسْمَعْ لِیُسْمَعْ
والنهی عنه لَا تَسْمَعْ لَا تُسْمَعْ لَا یَسْمَعْ لَا یُسْمَعْ
والظرف منه مَسْمَعٌ والجمع مَسَامِعُ والآلة منه
مِسْمَعٌ مِسْمَعَةٌ مِسْمَاعٌ والجمع مَسَامِعُ وَمَسَامِیْعُ
وافعلُ التفضیلِ المذکرُ منه اَسْمَعُ والجمع اَسَامِعُ
والمؤنث منه سُمْعیٰ سُمْعَیَاتٌ سُمَعٌ۔

لہ یہ باب بابِ سَمِعَ بھی کہلاتا ہے اور بابِ عَلِمَ بھی کیونکہ بعض اساتذہ اس باب میں طلباء کو عَلِمَ کی گردان یاد کرواتے ہیں۔ ۱۲

لہ اسم ظرف اور اسم آلہ میں فرق کرنے کیلئے شروع کے میم کو مدنظر رکھیں۔ ظرف کا میم مفتوح ہے یعنی اس پر زبر ہے اور اسم آلہ کا میم مکسور ہے یعنی اس پر زیر ہے۔ ۱۲

بابِ چہارم بروزنِ فَعَلَ یَفْعَلُ چوں اَلْفَتْحُ کشادن (کھولنا)

فَتَحَ یَفْتَحُ فَتْحًا فھو فَاتِحٌ وَ فُتِحَ یُفْتَحُ فَتْحًا فذاكَ مَفْتُوحٌ
لَمْ یَفْتَحْ لَمْ یُفْتَحْ لَا یَفْتَحُ لَا یُفْتَحُ لَنْ یَّفْتَحَ لَنْ یُّفْتَحَ
الامرُ منه اِفْتَحْ لِتُفْتَحْ لِیَفْتَحْ لِیُفْتَحْ والنھیُ عنه لَا تَفْتَحْ
لَا تُفْتَحْ لَا یَفْتَحْ لَا یُفْتَحْ والظرف منه مَفْتَحٌ والجمع
مَفَاتِحُ و الآلة منه مِفْتَحٌ مِفْتَحَةٌ مِفْتَاحٌ والجمع
مَفَاتِحُ و مَفَاتِیْحُ وافعل التفضیل المذکرُ منه اَفْتَحُ
والجمع اَفَاتِحُ والمؤنث منه فُتْحٰی فُتْحَیَاتٌ فُتَحٌ

یہ باب بابِ مَنَعَ اور بابِ فَتَحَ کہلاتا ہے کیونکہ بعض اساتذہ اس باب میں طلباء کو مَنَعَ کی گردان یاد کرواتے ہیں۔ ۱۲

فائدہ: اس باب سے آنے والے افعال کا عین یا لام کلمہ حرف حلقی ہونا ضروری ہے۔ حروف حلقی چھ ہیں ہمزہ، ہاء، حاء، خاء، عین اور غین ۔ ۱۲

(گمان کرنا، خیال کرنا)

۵

بابِ پنجم بروزنِ فَعِلَ یَفْعِلُ چوں اَلْحُسْبُ گمان کردن

حَسِبَ یَحْسِبُ حَسْبًا فھو حَاسِبٌ وَحُسِبَ
یُحْسَبُ حَسْبًا فذاك مَحْسُوبٌ
لَمْ یَحْسِبْ لَمْ یُحْسَبْ لَا یَحْسِبُ لَا یُحْسَبُ
لَنْ یَّحْسِبَ لَنْ یُّحْسَبَ

الامرُ منه اِحْسِبْ لِتُحْسَبْ لِیَحْسِبْ
لِیُحْسَبْ والنھی عنه لَا تَحْسِبْ لَا تُحْسَبْ
لَا یَحْسِبْ لَا یُحْسَبْ

والظرف منه مَحْسِبٌ والجمع مَحَاسِبُ
والآلة منه مِحْسَبٌ مِحْسَبَةٌ مِحْسَابٌ
والجمع مَحَاسِبُ ومَحَاسِیْبُ
وافعل التفضیل المذکر منه اَحْسَبُ والجمع اَحَاسِبُ
والمؤنث منه حُسْبٰی حُسْبَیَاتٌ حُسَبٌ

(یہ باب لازمی ہے متعدی نہیں لہذا اس سے مجہول کے صیغے نہیں آتے اور اسم مفعول بھی نہیں آتا)

باب[۲] ششم بروزن فَعُلَ یَفْعُلُ چوں الشَّرَفُ والشَّرَافَةُ شریف شدن (عزّت والا ہونا ، معزّز ہونا)

شَرُفَ یَشْرُفُ شَرَفًا وَشَرَافَةً فھو شَرِیْفٌ[۱]
لَمْ یَشْرُفْ لَا یَشْرُفُ لَنْ یَشْرُفَ
الامرُ منہ اُشْرُفْ لِیَشْرُفْ والنھی عنہ لَاتَشْرُفْ
لَایَشْرُفْ والظرف منہ مَشْرَفٌ
والجمع مَشَارِفُ
والاٰلۃ منہ مِشْرَفٌ مِشْرَفَةٌ مِشْرَافٌ
والجمع مَشَارِفُ وَمَشَارِیْفُ
وافعلُ التفضیلِ المذکرُ منہ اَشْرَفُ
والجمع اَشَارِفُ
والمؤنّث منہ شُرْفٰی شُرْفَیَاتٌ شُرَفٌ

---

[۱] شریف صفۃ مشبّہ ہے۔ اس باب سے اسم فاعل نہیں آتا بلکہ فَعِیل وزن میں صفۃ مشبّہ آتی ہے۔۱۲

[۲] یہ باب بابِ شَرُفَ اور بابِ کَرُمَ کہلاتا ہے۔۱۲

ابوابِ ثلاثی مزید فیہ

بدانکہ ثلاثی مزید فیہ را دوازدہ[۱۲] ابواب مشہور است

باب[۱] اول بروزنِ اَفْعَلَ یُفْعِلُ اِفْعَالًا چوں اَلْاِکْرَامُ عزت کردن (عزّت کرنا)

اَکْرَمَ یُکْرِمُ اِکْرَامًا فھو مُکْرِمٌ و اُکْرِمَ یُکْرَمُ اِکْرَامًا فذاکَ مُکْرَمٌ لَمْ یُکْرِمْ لَمْ یُکْرَمْ لَا یُکْرِمُ لَا یُکْرَمُ لَنْ یُّکْرِمَ لَنْ یُّکْرَمَ

الامر منہ اَکْرِمْ لِتُکْرَمْ لِیُکْرِمْ لِیُکْرَمْ

والنھی عنہ لَا تُکْرِمْ لَا تُکْرَمْ لَا یُکْرِمْ لَا یُکْرَمْ

والظرف منہ مُکْرَمٌ مُکْرَمَانِ (تثنیہ)

قانون :- نون ساکن جب حروف یَرْمِلُوْن یعنی یاء، راء میم، لام، واو اور نون سے پہلے واقع ہو تو اس نون ساکن کو اُسی حرف سے بدل کر ادغام لازم ہے، بے غنّہ راء اور لام میں اور باغنّہ بقیّہ حروف میں ۔

۱؎ مثلاً لَنْ یَّضْرِبَ نون ساکن کے بعد یاء آئی اور یاء حروف یرملون میں سے ہے تو نون کو یاء سے بدل کر یاء میں ادغام کردیا گیا - ۱۲

۲؎ باب افعال کا ہمزہ قطعی ہے لہذا یہ ہمزہ درج عبارت میں نہیں گرتا جبکہ باقی تمام ابواب کے ہمزہ، وصلی ہیں، وہ درج عبارت (یعنی درمیانِ عبارت) میں گر جائیں گے - ۱۲

۲ بابِ دوم بروزن فَعَّلَ یُفَعِّلُ تَفْعِیلًا چوں اَلتَّکْرِیْمُ

عزت کردن (عزّت کرنا)

کَرَّمَ یُکَرِّمُ تَکْرِیْمًا فھو مُکَرِّمٌ وَکُرِّمَ یُکَرَّمُ تَکْرِیْمًا فذاك مُکَرَّمٌ لَمْ یُکَرِّمْ لَمْ یُکَرَّمْ لَا یُکَرِّمُ لَا یُکَرَّمُ لَنْ یُکَرِّمَ لَنْ یُکَرَّمَ الامر منه کَرِّمْ لِتُکَرَّمْ لِیُکَرِّمْ لِیُکَرَّمْ والنھی عنه لَا تُکَرِّمْ لَا تُکَرَّمْ لَا یُکَرِّمْ لَا یُکَرَّمْ والظرف منه مُکَرَّمٌ مُکَرَّمَانِ تثنیہ

اسی باب سے کَبَّرَ، سَبَّحَ، ھَلَّلَ وغیرہ آتے ہیں۔ اسے نحت کہتے ہیں یعنی لمبے جملے کو مختصر کرتے ہوئے ایک صیغہ بنا لیا جائے۔ یہ قول کے معنی میں ہوتا ہے جیسے قال الرجلُ اللہ اکبر کو مختصر کرکے کَبَّرَ بنا لیا گیا۔ قال الرجلُ لا الٰہ الّا اللہ کو مختصر کرکے ھَلَّلَ بنا لیا گیا۔ اسی طرح سَبَّحَ کا معنی ہے قال الرجلُ سبحان اللہ۔ ۱۲

۳ باب سوم بر وزنِ فَاعَلَ يُفَاعِلُ مُفَاعَلَةً چوں اَلْمُقَاتَلَةُ بایک دیگر جنگ کردن (باہم جنگ کرنا)

قَاتَلَ يُقَاتِلُ مُقَاتَلَةً فھو مُقَاتِلٌ وَقُوتِلَ يُقَاتَلُ مُقَاتَلَةً فذاك مُقَاتَلٌ لَمْ يُقَاتِلْ لَمْ يُقَاتَلْ لَا يُقَاتِلُ لَا يُقَاتَلُ لَنْ يُقَاتِلَ لَنْ يُقَاتَلَ

الامر منه قَاتِلْ لِتُقَاتَلْ لِيُقَاتِلْ لِيُقَاتَلْ

والنهي عنه لَا تُقَاتِلْ لَا تُقَاتَلْ لَا يُقَاتِلْ لَا يُقَاتَلْ

والظرف منه مُقَاتَلٌ مُقَاتَلَانِ

لہ اس باب کا مشہور مصدر مفاعَلہ وزن پر ہے۔ البتہ ایک مصدر فِعَال بھی اسی باب کا کثیر الاستعمال ہے جیسے قِتَال۔ قَاتَلَ يُقَاتِلُ مقاتلةً وقِتالاً ۔ ۱۲

لہ مزید فیہ کے ابواب میں آپ دیکھ رہے ہیں کہ اسم مفعول اور ظرف کا ایک ہی وزن ہوتا ہے جیسے مُكْرَم، مُكَرَّم، مُقَاتَل وغیرہ۔ نیز اسی وزن پر ان سب کے مصادر بھی آتے ہیں جسے مصدرِ میمی کہتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ مُكْرَم، مُكَرَّم، مُقَاتَل وغیرہ اسم مفعول بھی ہیں، ظرف بھی اور مصدر میمی بھی ۔ ۱۲

۴

بابِ چہارم بروزن تَفَعَّلَ یَتَفَعَّلُ تَفَعُّلًا چوں اَلتَّصَرُّفُ گردیدن

(پھرنا، پلٹنا، تصرف کرنا)

تَصَرَّفَ یَتَصَرَّفُ تَصَرُّفًا فھو مُتَصَرِّفٌ وَ تُصُرِّفَ
یُتَصَرَّفُ تَصَرُّفًا فذاك مُتَصَرَّفٌ لَمْ یَتَصَرَّفْ لَمْ یُتَصَرَّفْ
لَا یَتَصَرَّفُ لَا یُتَصَرَّفُ لَنْ یَتَصَرَّفَ لَنْ یُتَصَرَّفَ
الامر منه تَصَرَّفْ لِتُتَصَرَّفْ لِیَتَصَرَّفْ لِیُتَصَرَّفْ
والنھی عنه لَا تَتَصَرَّفْ لَا تُتَصَرَّفْ لَا یَتَصَرَّفْ لَا یُتَصَرَّفْ
والظرف منه مُتَصَرَّفٌ مُتَصَرَّفَانِ

ثلاثی مجرد کے ابواب اپنی گردان کے نام سے مشہور ہیں مثلاً پہلے باب میں ضَرَبَ کی گردان پڑھی، وہ بابِ ضَرَبَ کہلاتا ہے، دوسرے باب میں نَصَرَ کی گردان ہے تو وہ بابِ نَصَرَ کہلاتا ہے وعلی ھذا القیاس۔ جبکہ یہ مزید فیہ کے ابواب اپنے مصدر کے وزن پر مشہور ہیں مثلاً پہلے باب کا مصدر اِفعال وزن پر ہے تو وہ بابِ اِفعال کہلاتا ہے، حالانکہ اس میں اَکْرَمَ کی گردان پڑھی گئی اس اعتبار سے تو اسے بابِ اَکْرَمَ کہلانا چاہیئے تھا مگر ایسا نہیں ہے۔ اسی طرح دوسرا باب بابِ تفعیل کہلاتا ہے، تیسرا بابِ مفاعلہ وعلی ھذا القیاس۔۱۲

۵

بابِ پنجم بروزن تَفَاعَلَ یَتَفَاعَلُ تَفَاعُلًا

چوں اَلتَّضَارُبُ بایک دیگر زدن (باہم ایک دوسرے کو مارنا)

تَضَارَبَ یَتَضَارَبُ تَضَارُبًا فهو مُتَضَارِبٌ

وَتُضُورِبَ یُتَضَارَبُ تَضَارُبًا فذاك مُتَضَارَبٌ

لَمْ یَتَضَارَبْ لَمْ یُتَضَارَبْ لَایَتَضَارَبُ لَایُتَضَارَبُ

لَنْ یَتَضَارَبَ لَنْ یُتَضَارَبَ

الامر منه تَضَارَبْ لِتُتَضَارَبْ لِیَتَضَارَبْ

لِیُتَضَارَبْ

والنهی عنه لَاتَتَضَارَبْ لَاتُتَضَارَبْ

لَایَتَضَارَبْ لَایُتَضَارَبْ

والظرف منه مُتَضَارَبٌ مُتَضَارَبَانِ

٦ باب ششم بروزن اِفْتَعَلَ يَفْتَعِلُ اِفْتِعَالًا

چوں الاِكْتِسَابُ كسب كردن (كسب كرنا، كمانا)

اِكْتَسَبَ يَكْتَسِبُ اِكْتِسَابًا فهو مُكْتَسِبٌ
وَاُكْتُسِبَ يُكْتَسَبُ اِكْتِسَابًا فذاك مُكْتَسَبٌ
لَمْ يَكْتَسِبْ لَمْ يُكْتَسَبْ لَا يَكْتَسِبُ لَا يُكْتَسَبُ
لَنْ يَكْتَسِبَ لَنْ يُكْتَسَبَ.

الامر منه اِكْتَسِبْ لِتُكْتَسَبْ لِيَكْتَسِبْ لِيُكْتَسَبْ

والنهى عنه لَا تَكْتَسِبْ لَا تُكْتَسَبْ لَا يَكْتَسِبْ لَا يُكْتَسَبْ

والظرف منه مُكْتَسَبٌ مُكْتَسَبَانِ.

آپ دیکھ رہے ہیں کہ تمام گردانوں میں اسم فاعل کے ساتھ ضمیر مستعمل ہے جیسے اس گردان میں فهو مُكْتَسِبٌ آیا "هو" ضمیر ہے جبکہ اسم مفعول کے ساتھ تمام گردانوں میں اسم اشارہ مستعمل ہے جیسے اس گردان میں فذاك مُكْتَسَبٌ آیا "ذاك" اسم اشارہ ہے۔ اس فرق کی وجہ یہ ہے کہ کلام میں فاعل قوی ہوتا ہے مسند الیہ ہونے کی وجہ سے اور مفعول ضعیف ہوتا ہے تو اس لحاظ سے اسم فاعل قوی ہوا کیونکہ اس کا اسناد فاعل کی طرف ہوتا ہے اور اسم مفعول ضعیف ہے کیونکہ اس کا اسناد مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ اسی طرح ضمیر اور اسم اشارہ دونوں معرفہ ہیں مگر تعریف میں ضمیر کا درجہ اسم اشارہ سے قوی ہے یعنی ضمیر قوی معرفہ ہے اسم اشارہ کے مقابلے میں۔ چنانچہ گردان میں جو قوی تھا یعنی اسم فاعل اس کیلئے قوی معرفہ یعنی ضمیر لائے اور جو ضعیف تھا اس کے لئے ضعیف معرفہ لائے۔ ۱۲

بابِ ہفتم بروزن اِنْفَعَلَ يَنْفَعِلُ اِنْفِعَالًا

چوں اَلْاِنْصِرَافُ گردیدن (پھرنا، پلٹنا)

اِنْصَرَفَ يَنْصَرِفُ اِنْصِرَافًا فهو مُنْصَرِفٌ
وَاُنْصُرِفَ يُنْصَرَفُ اِنْصِرَافًا فذاك مُنْصَرَفٌ
لَمْ يَنْصَرِفْ لَمْ يُنْصَرَفْ لَا يَنْصَرِفُ لَا يُنْصَرَفُ
لَنْ يَّنْصَرِفَ لَنْ يُّنْصَرَفَ

الامر منه اِنْصَرِفْ لِتُنْصَرَفْ لِيَنْصَرِفْ لِيُنْصَرَفْ
والنهى عنه لَا تَنْصَرِفْ لَا تُنْصَرَفْ لَا يَنْصَرِفْ
لَا يُنْصَرَفْ

والظرف منه مُنْصَرَفٌ مُنْصَرَفَانِ

تمام گردانوں میں مصدر کو منصوب پڑھا جاتا ہے مثلاً گردان میں ضَرْبًا پڑھا جاتا ہے ضَرْبٌ نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ مصدر مفعول مطلق واقع ہے اور مفعول مطلق منصوب ہوتا ہے۔ مفعول مطلق اس مصدر کو کہا جاتا ہے جو ماقبل فعل کے معنی میں ہو جیسے ضربتُ ضَرْبًا۔ ١٢

بابِ ہشتم بروزن اِسْتَفْعَلَ یَسْتَفْعِلُ اِسْتِفْعَالًا چوں اَلْاِسْتِخْرَاجُ طلبِ خروج کردن

(نکلنے کو طلب کرنا، کسی سے نکلنے کیلئے کہنا)

اِسْتَخْرَجَ یَسْتَخْرِجُ اِسْتِخْرَاجًا فهو مُسْتَخْرِجٌ وَاُسْتُخْرِجَ يُسْتَخْرَجُ اِسْتِخْرَاجًا فذاك مُسْتَخْرَجٌ لَمْ يَسْتَخْرِجْ لَمْ يُسْتَخْرَجْ لَا يَسْتَخْرِجُ لَا يُسْتَخْرَجُ لَنْ يَّسْتَخْرِجَ لَنْ يُّسْتَخْرَجَ

الامر منه اِسْتَخْرِجْ لِتُسْتَخْرَجْ لِيَسْتَخْرِجْ لِيُسْتَخْرَجْ

والنهي عنه لَا تَسْتَخْرِجْ لَا تُسْتَخْرَجْ لَا يَسْتَخْرِجْ لَا يُسْتَخْرَجْ

والظرف منه مُسْتَخْرَجٌ مُسْتَخْرَجَانِ

مذکورہ گردانوں کو صَرفِ صغیر یا گردانِ صغیر کہا جاتا ہے کیونکہ یہ چھوٹی گردان ہے۔ ہر گردان سے صرف ایک ایک صیغہ لیا گیا ہے جبکہ ماضی ومضارع وامر وغیرہ کی پوری پوری گردانوں کو صَرفِ کبیر یا گردانِ کبیر کہا جاتا ہے۔

باب نہم بروزن اِفْعَلَّ يَفْعَلُّ اِفْعِلَالًا

چون الاِحْمِرَارُ سُرخ شدن (سرخ ہونا)

اِحْمَرَّ يَحْمَرُّ اِحْمِرَارًا فهو مُحْمَرٌّ وَاُحْمُرَّ يُحْمَرُّ
اِحْمِرَارًا فذاك مُحْمَرٌّ لَمْ يَحْمَرَّ لَمْ يَحْمَرِّ لَمْ يَحْمَرِرْ
لَمْ يُحْمَرَّ لَمْ يُحْمَرِّ لَمْ يُحْمَرِرْ لَا يَحْمَرُّ لَا يُحْمَرُّ
لَنْ يَحْمَرَّ لَنْ يُحْمَرَّ

الامر منه اِحْمَرَّ اِحْمَرِّ اِحْمَرِرْ لِتُحْمَرَّ
لِتُحْمَرِّ لِتُحْمَرِرْ لِيَحْمَرَّ لِيَحْمَرِّ لِيَحْمَرِرْ لِيُحْمَرَّ
لِيُحْمَرِّ لِيُحْمَرِرْ

والنهي عنه لَا تَحْمَرَّ لَا تَحْمَرِّ لَا تَحْمَرِرْ لَا تُحْمَرَّ
لَا تُحْمَرِّ لَا تُحْمَرِرْ لَا يَحْمَرَّ لَا يَحْمَرِّ
لَا يَحْمَرِرْ لَا يُحْمَرَّ لَا يُحْمَرِّ لَا يُحْمَرِرْ
والظرف منه مُحْمَرٌّ مُحْمَرَّانِ

ا؎ اس باب کا شد لازمی نہیں ہے جیسے ارعوی جو اسی باب سے ہے بغیر شد کے ہے جبکہ باب تفعیل اور باب تفعّل کا شد لازمی ہے۔ ۱۲

۲؎ اسم فاعل بھی مُحْمَرٌّ ہے اور اسم مفعول بھی۔ مگر دونوں کی اصل مختلف ہے۔ اسم فاعل اصل میں مُحْمَرِرٌ تھا، دو حرف ایک جنس کے یعنی دو راء جمع ہوئیں اول کو ساکن کرکے ثانی میں ادغام کیا تو مُحْمَرٌّ ہوا۔ اسی طرح اسم مفعول مُحْمَرٌّ اصل میں مُحْمَرَرٌ تھا۔ ۱۲

اِحْمَرَّ کی صرف کبیر

ماضی معروف :- اِحْمَرَّ اِحْمَرَّا اِحْمَرُّوْا
اِحْمَرَّتْ اِحْمَرَّتَا اِحْمَرَرْنَ اِحْمَرَرْتَ
اِحْمَرَرْتُمَا اِحْمَرَرْتُمْ اِحْمَرَرْتِ اِحْمَرَرْتُمَا
اِحْمَرَرْتُنَّ اِحْمَرَرْتُ اِحْمَرَرْنَا

ماضی مجہول :- اُحْمُرَّ اُحْمُرَّا اُحْمُرُّوْا
اُحْمُرَّتْ اُحْمُرَّتَا اُحْمُرِرْنَ اُحْمُرِرْتَ
اُحْمُرِرْتُمَا اُحْمُرِرْتُمْ اُحْمُرِرْتِ اُحْمُرِرْتُمَا
اُحْمُرِرْتُنَّ اُحْمُرِرْتُ اُحْمُرِرْنَا

مضارع معروف :- يَحْمَرُّ يَحْمَرَّانِ يَحْمَرُّوْنَ
تَحْمَرُّ تَحْمَرَّانِ يَحْمَرِرْنَ تَحْمَرُّ تَحْمَرَّانِ
تَحْمَرُّوْنَ تَحْمَرِّيْنَ تَحْمَرَّانِ تَحْمَرِرْنَ
اَحْمَرُّ نَحْمَرُّ

مضارع مجہول :- يُحْمَرُّ يُحْمَرَّانِ يُحْمَرُّوْنَ

تُحْمَرُّ تُحْمَرَّانِ يُحْمَرِرْنَ تُحْمَرُّ تُحْمَرَّانِ
تُحْمَرُّوْنَ تُحْمَرِّيْنَ تُحْمَرَّانِ تُحْمَرِرْنَ
اُحْمَرُّ نُحْمَرُّ

امر حاضر معلوم :- اِحْمَرَّ اِحْمَرَّا اِحْمَرُّوْا
اِحْمَرِّيْ اِحْمَرَّا اِحْمَرِرْنَ

امر حاضر مجہول :- لِتُحْمَرَّ لِتُحْمَرَّا لِتُحْمَرُّوْا
لِتُحْمَرِّيْ لِتُحْمَرَّا لِتُحْمَرِرْنَ

---

۱ جن گردانوں میں جزم آتا ہے یعنی فعل جحد با "لَمْ"، امر اور نہی ان گردانوں کے وہ صیغے جن کے ساتھ ضمیر بارز نہ ملی ہوئی ہو ان کو تین طرح پڑھنا جائز ہے فتحہ، کسرہ اور فکِّ ادغام جیسا کہ اس باب کی صرفِ صغیر میں گزرا - ۱۲

۲ فکِّ ادغام کا معنی ہے ادغام کو توڑنا مثلاً اِحْمَرِرْنَ میں ادغام کو توڑ کر دونوں راء الگ الگ پڑھی گئیں۔ اس باب میں اور اگلے آنے والے باب میں ماضی معروف میں فکِّ ادغام ہو تو راء پر زبر اور ماضی مجہول میں راء پر زیر پڑھیں گے جبکہ مضارع میں فکِّ ادغام ہو تو مضارع معروف میں راء پر زیر اور مضارع مجہول میں راء پر زبر پڑھیں گے - امر اور نہی بھی مضارع کی طرح ہیں - ۱۲

١٠
باب دہم بروزن اِفْعَالَّ يَفْعَالُّ اِفْعِيلاَلاً

چوں الاِحْمِيرَارُ بسیار سرخ شدن (بہت سرخ ہونا)

اِحْمَارَّ يَحْمَارُّ اِحْمِيرَارًا فهو مُحْمَارٌّ وَاُحْمُوْرَّ يُحْمَارُّ اِحْمِيرَارًا فذاك مُحْمَارٌّ لَمْ يَحْمَارَّ لَمْ يَحْمَارِّ لَمْ يَحْمَارِرْ لَمْ يُحْمَارَّ لَمْ يُحْمَارِّ لَمْ يُحْمَارِرْ لَا يَحْمَارُّ لَا يُحْمَارُّ لَنْ يَحْمَارَّ لَنْ يُحْمَارَّ

الامر منه اِحْمَارَّ اِحْمَارِّ اِحْمَارِرْ لِتُحْمَارَّ لِتُحْمَارِّ لِتُحْمَارِرْ لِيَحْمَارَّ لِيَحْمَارِّ لِيَحْمَارِرْ لِيُحْمَارَّ لِيُحْمَارِّ لِيُحْمَارِرْ

والنهى عنه لَا تَحْمَارَّ لَا تَحْمَارِّ لَا تَحْمَارِرْ لَا تُحْمَارَّ لَا تُحْمَارِّ لَا تُحْمَارِرْ لَا يَحْمَارَّ لَا يَحْمَارِّ لَا يَحْمَارِرْ لَا يُحْمَارَّ لَا يُحْمَارِّ لَا يُحْمَارِرْ

والظرف منه مُحْمَارٌّ مُحْمَارَّانِ

١١

باب یازدهم بروزن اِفْعَوْعَلَ یَفْعَوْعِلُ اِفْعِیْعَالًا

چوں الاِحْدِیْدَابُ کج پشت شدن (کبڑا ہونا، ٹیڑھی کمر والا ہونا)

والاِخْشِیْشَانُ درشت شدن (کھردرا ہونا، سخت ہونا)

اِحْدَوْدَبَ یَحْدَوْدِبُ اِحْدِیْدَابًا فهو مُحْدَوْدِبٌ
وَاُحْدُوْدِبَ یُحْدَوْدَبُ اِحْدِیْدَابًا فذاك مُحْدَوْدَبٌ
لَمْ یَحْدَوْدِبْ لَمْ یُحْدَوْدَبْ لَا یَحْدَوْدِبُ
لَا یُحْدَوْدَبُ لَنْ یَحْدَوْدِبَ لَنْ یُحْدَوْدَبَ

الامر منه اِحْدَوْدِبْ لِتُحْدَوْدَبْ لِیَحْدَوْدِبْ
لِیُحْدَوْدَبْ

والنهي عنه لَا تَحْدَوْدِبْ لَا تُحْدَوْدَبْ
لَا یَحْدَوْدِبْ لَا یُحْدَوْدَبْ

والظرف منه مُحْدَوْدَبٌ مُحْدَوْدَبَانِ

۱۲

باب دوازدهم بروزن اِفْعَوَّلَ يَفْعَوِّلُ اِفْعِوَّالًا

چوں الاِجْلِوَّاذُ بشتاب رفتن (تیز چلنا)

اِجْلَوَّذَ يَجْلَوِّذُ اِجْلِوَّاذًا فهو مُجْلَوِّذٌ
وَاُجْلُوِّذَ يُجْلَوَّذُ اِجْلِوَّاذًا فذاك مُجْلَوَّذٌ
لَمْ يَجْلَوِّذْ لَمْ يُجْلَوَّذْ لَا يَجْلَوِّذُ لَا يُجْلَوَّذُ
لَنْ يَّجْلَوِّذَ لَنْ يُّجْلَوَّذَ

الامر منه اِجْلَوِّذْ لِتُجْلَوَّذْ لِيَجْلَوِّذْ لِيُجْلَوَّذْ

والنهى عنه لَا تَجْلَوِّذْ لَا تُجْلَوَّذْ لَا يَجْلَوِّذْ
لَا يُجْلَوَّذْ

والظرف منه مُجْلَوَّذٌ مُجْلَوَّذَانِ

ابوابِ رُباعی

بدانکہ رباعی مجرّد را یک باب مشہور است بروزن فَعْلَلَ یُفَعْلِلُ فَعْلَلَۃً چوں اَلدَّحْرَجَۃُ

غلطانیدن (لُڑھکانا یعنی حرکت دیکر اوپر سے نیچے کیطرف دھکیلنا)

دَحْرَجَ یُدَحْرِجُ دَحْرَجَۃً فھو مُدَحْرِجٌ وَدُحْرِجَ
یُدَحْرَجُ دَحْرَجَۃً فذاك مُدَحْرَجٌ لَمْ یُدَحْرِجْ
لَمْ یُدَحْرَجْ لَا یُدَحْرِجُ لَا یُدَحْرَجُ لَنْ یُّدَحْرِجَ
لَنْ یُّدَحْرَجَ

الامر منه دَحْرِجْ لِتُدَحْرَجْ لِیُدَحْرِجْ لِیُدَحْرَجْ

والنھی عنه لَا تُدَحْرِجْ لَا تُدَحْرَجْ لَا یُدَحْرِجْ لَا یُدَحْرَجْ

والظرف منه مُدَحْرَجٌ مُدَحْرَجَانِ

---

[1] جس باب کی ماضی کا پہلا صیغہ چار حروف پر مشتمل ہو اس باب میں علامتِ مضارع پر پیش پڑھیں گے اور وہ صرف چار ابواب ہیں اِفعال، تفعیل، مفاعلہ اور فعللہ جیسے اَکْرَمَ یُکْرِمُ۔ دیکھئے یُکْرِمُ کی یاء پر پیش پڑھی گئی جبکہ باقی تمام ابواب میں علامتِ مضارع پر زبر پڑھیں گے جیسے یَضْرِبُ یَتَصَرَّفُ وغیرہ۔ ۱۲

[2] اسی سے نحت کا باب بَسْمَلَۃ اور حَوْقَلَۃ ہے۔ بَسْمَلَ أی قال الرجل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اسی طرح حَوْقَلَ أی قال لاحول ولاقوۃ الا باللہ۔ ۱۲

بدانکہ رباعی مزید فیہ را سہ ابواب مشہور است

باب اوّل بروزن تَفَعْلَلَ یَتَفَعْلَلُ تَفَعْلُلاً

چوں اَلتَّدَحْرُجُ غلطیدن (لڑھکنا)

تَدَحْرَجَ یَتَدَحْرَجُ تَدَحْرُجًا فھو مُتَدَحْرِجٌ

وَتُدُحْرِجَ یُتَدَحْرَجُ تَدَحْرُجًا فذاك

مُتَدَحْرَجٌ لَمْ یَتَدَحْرَجْ لَمْ یُتَدَحْرَجْ

لَایَتَدَحْرَجُ لَایُتَدَحْرَجُ لَنْ یَّتَدَحْرَجَ

لَنْ یُّتَدَحْرَجَ

الامر منه تَدَحْرَجْ لِتُتَدَحْرَجْ

لِیَتَدَحْرَجْ لِیُتَدَحْرَجْ

والنهی عنه لَاتَتَدَحْرَجْ لَا تُتَدَحْرَجْ

لَا یَتَدَحْرَجْ لَا یُتَدَحْرَجْ

والظرف منه مُتَدَحْرَجٌ مُتَدَحْرَجَانِ

باب دوم بروزن اِفْعَلَلَّ يَفْعَلِلُّ اِفْعِلاَّلاً

چوں اَلْاِقْشِعْرَارُ موئے بر بدن برخاستن (رونگٹے کھڑے ہونا)

اِقْشَعَرَّ يَقْشَعِرُّ اِقْشِعْرَارًا فهو مُقْشَعِرٌّ
وَاُقْشُعِرَّ يُقْشَعَرُّ اِقْشِعْرَارًا فذاك مُقْشَعَرٌّ
لَمْ يَقْشَعِرَّ لَمْ يَقْشَعِرِّ لَمْ يَقْشَعْرِرْ لَمْ يُقْشَعَرَّ
لَمْ يُقْشَعَرِّ لَمْ يُقْشَعْرَرْ لَا يَقْشَعِرُّ لَا يُقْشَعَرُّ
لَنْ يَقْشَعِرَّ لَنْ يُقْشَعَرَّ

الامر منه اِقْشَعِرَّ اِقْشَعِرِّ اِقْشَعْرِرْ
لِتُقْشَعَرَّ لِتُقْشَعَرِّ لِتُقْشَعْرَرْ لِيَقْشَعِرَّ
لِيَقْشَعِرِّ لِيَقْشَعْرِرْ لِيُقْشَعَرَّ لِيُقْشَعَرِّ
لِيُقْشَعْرَرْ

والنهي عنه لَا تَقْشَعِرَّ لَا تَقْشَعِرِّ لَا تَقْشَعْرِرْ
لَا تُقْشَعَرَّ لَا تُقْشَعَرِّ لَا تُقْشَعْرَرْ لَا يَقْشَعِرَّ
لَا يَقْشَعِرِّ لَا يَقْشَعْرِرْ لَا يُقْشَعَرَّ لَا يُقْشَعَرِّ
لَا يُقْشَعْرَرْ

والظرف منه مُقْشَعَرٌّ مُقْشَعَرَّانِ

ماضی میں جہاں فکِّ ادغام ہو تو ماضی معروف میں زبر اور ماضی مجہول میں زیر پڑھینگے جبکہ مضارع، امر اور نہی میں فکِّ ادغام ہو تو معروف میں زیر اور مجہول میں زبر پڑھیں گے جیسا کہ بابِ اِفعلال اور بابِ اِفعیلال میں گزرا - ۱۲

باب سوم بروزن اِفْعَنْلَلَ يَفْعَنْلِلُ اِفْعِنْلَالًا

چوں اَلْاِحْرِنْجَامُ انبوہ شدن (جمع ہونا کسی چیز کا)

اِحْرَنْجَمَ يَحْرَنْجِمُ اِحْرِنْجَامًا فهو مُحْرَنْجِمٌ
وَاُحْرُنْجِمَ يُحْرَنْجَمُ اِحْرِنْجَامًا فذاكَ مُحْرَنْجَمٌ
لَمْ يَحْرَنْجِمْ لَمْ يُحْرَنْجَمْ لَا يَحْرَنْجِمُ لَا يُحْرَنْجَمُ
لَنْ يَّحْرَنْجِمَ لَنْ يُّحْرَنْجَمَ

الامر منه اِحْرَنْجِمْ لِتُحْرَنْجَمْ لِيَحْرَنْجِمْ
لِيُحْرَنْجَمْ

والنهى عنه لَا تَحْرَنْجِمْ لَا تُحْرَنْجَمْ
لَا يَحْرَنْجِمْ لَا يُحْرَنْجَمْ

والظرف منه مُحْرَنْجَمٌ مُحْرَنْجَمَانِ

ابواب مثال از ثلاثی مجرّد

باب اول مثالِ واوی از بابِ ضَرَبَ

چوں الوَعْدُ وَالعِدَةُ وعدہ کردن (وعدہ کرنا)

وَعَدَ يَعِدُ وَعْدًا وَّعِدَةً فهو وَاعِدٌ ووُعِدَ يُوْعَدُ
وَعْدًا وَّعِدَةً فذاك مَوْعُوْدٌ لَمْ يَعِدْ لَمْ يُوْعَدْ
لَا يَعِدُ لَا يُوْعَدُ لَنْ يَّعِدَ لَنْ يُّوْعَدَ
الامر منه عِدْ لِتُوْعَدْ لِيَعِدْ لِيُوْعَدْ
والنهي عنه لَا تَعِدْ لَا تُوْعَدْ لَا يَعِدْ لَا يُوْعَدْ
والظرف منه مَوْعِدٌ والجمع مَوَاعِدُ
والآلة منه مِيْعَدٌ مِيْعَدَةٌ مِيْعَادٌ
والجمع مَوَاعِدُ ومَوَاعِيْدُ
وافعل التفضيل المذكر منه اَوْعَدُ والجمع اَوَاعِدُ
والمؤنث منه وُعْدٰى وُعْدَيَاتٌ وُعَدٌ

قانون :۔ يَعِدُ دراصل يَوْعِدُ بروزن يَضْرِبُ تھا۔ قانون ہے کہ جب مضارع میں فاء کی جگہ واو آئے اور فتحہ اور کسرہ کے مابین واقع ہوجائے تو اسے حذف کرتے ہیں۔

وَعَدَ کی صرف کبیر

گردانِ کبیر فعل ماضی معلوم :- وَعَدَ وَعَدَا وَعَدُوْا
وَعَدَتْ وَعَدَتَا وَعَدْنَ وَعَدتَّ وَعَدتُّمَا وَعَدتُّمْ
وَعَدتِّ وَعَدتُّمَا وَعَدتُّنَّ وَعَدتُّ وَعَدْنَا ۔

صرف کبیر فعل مضارع معلوم :- یَعِدُ یَعِدَانِ یَعِدُوْنَ
تَعِدُ تَعِدَانِ یَعِدْنَ تَعِدُ تَعِدَانِ تَعِدُوْنَ
تَعِدِیْنَ تَعِدَانِ تَعِدْنَ اَعِدُ نَعِدُ ۔

صرف کبیر امر حاضر معلوم :- عِدْ عِدَا عِدُوْا
عِدِیْ عِدَا عِدْنَ ۔

---

[1] مضارع کے صیغہ سے امر بنایا جاتا ہے۔ امر بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ مضارع کے آخر میں جزم دیا جائے اور مضارع کے شروع سے علامتِ مضارع گرا دیں گے۔ علامتِ مضارع گرانے کے بعد اگر اگلا حرف متحرک ہو تو ہمزہ وصل لانے کی ضرورت نہیں اور اگر حرف ساکن ہو تو شروع میں ہمزۂ وصل لائیں گے۔ یہ ہمزۂ وصل مضموم ہوگا اگر مضارع کا عین کلمہ مضموم ہو ورنہ ہمزۂ وصل مکسور ہوگا۔ ۱۲

[2] وَعَدتَّ اصل میں وَعَدْتَ تھا، دال اور تاء اکٹھے آئے اور دونوں کے مخرج قریب قریب ہیں اسلئے دال کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا تو وَعَدتَّ ہوا۔ ۱۲

باب دوم مثال یائی از باب ضَرَبَ
چوں الیَسْرُ والمَیْسِرُ قمار باختن (جُواء کھیلنا)

یَسَرَ یَیْسِرُ یَسْرًا وَمَیْسِرًا فھو یَاسِرٌ
ویُسِرَ یُوْسَرُ یَسْرًا ومَیْسِرًا فذاک مَیْسُوْرٌ
لَمْ یَیْسِرْ لَمْ یُوْسَرْ لَا یَیْسِرُ لَا یُوْسَرُ لَنْ یَّیْسِرَ
لَنْ یُّوْسَرَ

الامر منہ اِیْسِرْ لِتُوْسَرْ لِیَیْسِرْ لِیُوْسَرْ
والنھی عنہ لَا تَیْسِرْ لَا تُوْسَرْ لَا یَیْسِرْ لَا یُوْسَرْ
والظرف منہ مَیْسِرٌ والجمع مَیَاسِرُ
والآلۃ منہ مِیْسَرٌ مِیْسَرَۃٌ مِیْسَارٌ
والجمع مَیَاسِرُ ومَیَاسِیْرُ
وافعل التفضیل المذکر منہ اَیْسَرُ والجمع اَیَاسِرُ
والمؤنث منہ یُسْرٰی یُسْرَیَاتٌ یُسَرٌ

ابواب صحیح میں ثلاثی مجرد، ثلاثی مزید فیہ، رباعی مجرد اور رباعی مزید فیہ کے تمام مشہور ابواب آگئے، اب بقیہ ہفت اقسام یعنی مثال، اجوف، ناقص لفیف، مضاعف اور مہموز میں ان ابواب کی مشق کی جائے گی تاکہ ان اقسام میں جاری ہونے والے قوانین کی مشق ہو جائے۔ ہر قسم میں سے صرف چند ابواب ذکر کئے جائیں گے تاکہ ہفت اقسام میں سے ہر ایک کی گردان کا طریقہ جان لیا جائے ۔ ۱۲

باب سوم مثال واوی از باب سَمِعَ
چوں اَلوَجَلُ ترسیدن (ڈرنا)

وَجِلَ يَوْجَلُ وَجَلًا فهو وَاجِلٌ و وُجِلَ يُوْجَلُ
وَجَلًا فذاك مَوْجُوْلٌ لَمْ يَوْجَلْ لَمْ يُوْجَلْ
لَا يَوْجَلُ لَا يُوْجَلُ لَنْ يَّوْجَلَ لَنْ يُّوْجَلَ
الامر منه اِيْجَلْ لِتُوْجَلْ لِيَوْجَلْ لِيُوْجَلْ
والنهي عنه لَا تَوْجَلْ لَا تُوْجَلْ لَا يَوْجَلْ لَا يُوْجَلْ
والظرف منه مَوْجِلٌ والجمع مَوَاجِلُ
والآلة منه مِيْجَلٌ مِيْجَلَةٌ مِيْجَالٌ
والجمع مَوَاجِلُ و مَوَاجِيْلُ
وافعل التفضيل المذكر منه اَوْجَلُ والجمع اَوَاجِلُ
والمؤنث منه وُجْلٰى وُجْلَيَاتٌ وُجَلٌ

اِيْجَلْ اصل میں اِوْجَلْ تھا، ماقبل کسرہ کی وجہ سے واو کو یاء سے بدل دیا گیا -
اسم ظرف مَوْجِلٌ ہے کیونکہ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ ابواب مثال سے ظرف ہمیشہ
مَفْعِل وزن پر آتا ہے - ۱۲

باب چہارم مثال واوی از باب کَرُمَ چوں الوَسَامُ والوَسَامَۃ حَسین شدن (حسین و خوبصورت ہونا)

وَسُمَ یَوْسُمُ وَسَامًا و وَسَامَۃً فھو وَسِیْمٌ

لَمْ یَوْسُمْ لَا یَوْسُمُ لَنْ یَّوْسُمَ

الامر منہ اُوْسُمْ لِیَوْسُمْ

والنھی عنہ لَا تَوْسُمْ لَا یَوْسُمْ

والظرف منہ مَوْسِمٌ والجمع مَوَاسِمُ

والآلۃ منہ مِیْسَمٌ مِیْسَمَۃٌ مِیْسَامٌ

والجمع مَوَاسِمُ و مَوَاسِیْمُ

وافعل التفضیل المذکر منہ اَوْسَمُ

والجمع اَوَاسِمُ

والمؤنث منہ وُسْمٰی وُسْمَیَاتٌ وُسَمٌ

ابوابِ مثال از ثلاثی مزید فیہ

باب اول مثال واوی از بابِ اِفْعَال

چوں الإِیْقَادُ آتش افروختن (آگ جلانا)

اَوْقَدَ یُوْقِدُ اِیْقَادًا فھو مُوْقِدٌ واُوْقِدَ یُوْقَدُ
اِیْقَادًا فذالک مُوْقَدٌ لَمْ یُوْقِدْ لَمْ یُوْقَدْ لَایُوْقِدُ
لَایُوْقَدُ لَنْ یُّوْقِدَ لَنْ یُّوْقَدَ

الامر منہ اَوْقِدْ لِتُوْقَدْ لِیُوْقِدْ لِیُوْقَدْ
والنھی عنہ لَاتُوْقِدْ لَاتُوْقَدْ لَایُوْقِدْ لَایُوْقَدْ
والظرف منہ مُوْقَدٌ مُوْقَدَانِ

حروف علت یعنی واؤ، الف اور یاء میں سے الف ہمیشہ ساکن ہوگا جبکہ واو اور یاء کبھی ساکن استعمال ہوں گے اور کبھی ان پر حرکت ہوگی۔ واو، الف اور یاء جب ساکن ہوں اور ان سے ما قبل کی حرکت ان کے موافق ہو یعنی واو سے پہلے ضمہ، الف سے پہلے فتحہ اور یاء سے ما قبل کسرہ ہو تو یہ حروف اس وقت حروفِ مدّہ کہلاتے ہیں مثلاً رُوْح، رَاح، رِیْح۔ مد کا معنی ہے کھینچنا اور لمبا کرنا تو چونکہ ان کی وجہ سے ما قبل کے ضمہ، فتحہ اور کسرہ کو لمبا کردیا جاتا ہے اسلئے یہ حروفِ مدّہ کہلاتے ہیں، یا انہیں حروفِ مدّہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ ما قبل کی حرکت کو لمبا کرنے سے یہ پیدا ہوتے ہیں مثلاً ضمہ کو لمبا کرکے پڑھا جائے تو واو بنتا ہے کسرہ کو لمبا کریں تو یاء اور فتحہ کو لمبا کریں تو الف بنتا ہے، جبکہ واو ساکن اور یائے ساکن سے پہلے اگر فتحہ ہو تو پھر یہ حرفِ لین کہلاتے ہیں جیسے مَوْت، بَیْت۔ ۱۲

باب دوم مثال واوی از باب تَفْعِیْل

چوں اَلتَّوْکِیْل سپرد کردن

(کوئی کام کسی کے سپرد کرنا)

وَکَّلَ یُوَکِّلُ تَوْکِیْلًا فھو مُوَکِّلٌ وُوُکِّلَ یُوَکَّلُ

تَوْکِیْلًا فذاك مُوَکَّلٌ لَمْ یُوَکِّلْ لَمْ یُوَکَّلْ

لَا یُوَکِّلُ لَا یُوَکَّلُ لَنْ یُّوَکِّلَ لَنْ یُّوَکَّلَ

الامر منه وَکِّلْ لِتُوَکَّلْ لِیُوَکِّلْ لِیُوَکَّلْ

والنھی عنه لَا تُوَکِّلْ لَا تُوَکَّلْ لَا یُوَکِّلْ لَا یُوَکَّلْ

والظرف منه مُوَکَّلٌ مُوَکَّلَانِ

بابِ سوم مثال واوی از بابِ مفاعلہ چوں اَلْمُوَاظَبَةُ مسلسل کار کردن (کوئی کام مسلسل کرنا)

وَاظَبَ يُوَاظِبُ مُوَاظَبَةً فهو مُوَاظِبٌ وَوُوظِبَ
يُوَاظَبُ مُوَاظَبَةً فذاكَ مُوَاظَبٌ لَمْ يُوَاظِبْ
لَمْ يُوَاظَبْ لَا يُوَاظِبُ لَا يُوَاظَبُ لَنْ يُّوَاظِبَ
لَنْ يُّوَاظَبَ

الامر منه وَاظِبْ لِتُوَاظَبْ لِيُوَاظِبْ لِيُوَاظَبْ
والنهي عنه لَا تُوَاظِبْ لَا تُوَاظَبْ لَا يُوَاظِبْ
لَا يُوَاظَبْ
والظرف منه مُوَاظَبٌ مُوَاظَبَانِ

اجتماعِ ساکنین یعنی دو ساکن حرفوں کا جمع ہونا دو قسم پر ہے، ایک اجتماعِ ساکنین علی حدّہٖ ہے یہ جائز ہے جبکہ دوسرا اجتماع ساکنین علی غیرِ حدّہ ہے یہ جائز نہیں ہے۔ اجتماع ساکنین علی حدّہ یہ ہے کہ دو ساکن حرفوں میں سے پہلا ساکن حرفِ مدّہ ہو اور ثانی ساکن مُدغم ہو مثلاً فَارٌّ۔ جبکہ اس کے علاوہ باقی تمام صورتیں اجتماعِ ساکنین علی غیر حدّہ کی ہیں۔ ۱۲

بابِ چہارم مثالِ واوی از بابِ تفعُّل

چوں التَّوَکُّلُ توکل کردن

(توکل کرنا، اعتماد و بھروسہ کرنا)

تَوَکَّلَ یَتَوَکَّلُ تَوَکُّلًا فھو مُتَوَکِّلٌ و تُوُکِّلَ

یُتَوَکَّلُ تَوَکُّلًا فذاك مُتَوَکَّلٌ لَمْ یَتَوَکَّلْ

لَمْ یُتَوَکَّلْ لَا یَتَوَکَّلُ لَا یُتَوَکَّلُ لَنْ یَّتَوَکَّلَ

لَنْ یُّتَوَکَّلَ

الامر منہ تَوَکَّلْ لِتُتَوَکَّلْ لِیَتَوَکَّلْ لِیُتَوَکَّلْ

والنھی عنہ لَا تَتَوَکَّلْ لَا تُتَوَکَّلْ لَا یَتَوَکَّلْ

لَا یُتَوَکَّلْ

والظرف منہ مُتَوَکَّلٌ مُتَوَکَّلَانِ

باب پنجم مثال واوی از باب افتعال

چوں الاِتِّقَادُ آتش افروختہ شدن (آگ جلنا)

اِتَّقَدَ یَتَّقِدُ اِتِّقَادًا فھو مُتَّقِدٌ و اُتُّقِدَ یُتَّقَدُ اِتِّقَادًا فذاك مُتَّقَدٌ لَمْ یَتَّقِدْ لَمْ یُتَّقَدْ لَا یَتَّقِدُ لَا یُتَّقَدُ لَنْ یَتَّقِدَ لَنْ یُتَّقَدَ

الامر منه اِتَّقِدْ لِتُتَّقَدْ لِیَتَّقِدْ لِیُتَّقَدْ

والنھی عنه لَا تَتَّقِدْ لَا تُتَّقَدْ لَا یَتَّقِدْ لَا یُتَّقَدْ

والظرف منه مُتَّقَدٌ مُتَّقَدَانِ

قانون : اِتَّقَدَ دراصل اِوْتَقَدَ بروزن اِفْتَعَلَ تھا قانون ہے کہ باب افتعال میں فاء کلمے کی جگہ واو یا یاء آجائے تو اسے تاء کرکے تاء میں ادغام کرتے ہیں مثل اِتَّقَدَ و اِتَّسَرَ کہ دراصل اِوْتَقَدَ اور اِیْتَسَرَ تھے ۔

بابِ ششم مثال واوی از باب استفعال چوں اَلْاِسْتِیْجَابُ
سزاوارِ چیزے شدن (کسی چیز کا مستحق ہونا)

اِسْتَوْجَبَ یَسْتَوْجِبُ اِسْتِیْجَاباً فھو مُسْتَوْجِبٌ
وَاُسْتُوْجِبَ یُسْتَوْجَبُ اِسْتِیْجَاباً فذاك مُسْتَوْجَبٌ
لَمْ یَسْتَوْجِبْ لَمْ یُسْتَوْجَبْ لَا یَسْتَوْجِبُ
لَا یُسْتَوْجَبُ لَنْ یَّسْتَوْجِبَ لَنْ یُّسْتَوْجَبَ

الامر منه اِسْتَوْجِبْ لِتُسْتَوْجَبْ لِیَسْتَوْجِبْ
لِیُسْتَوْجَبْ

والنهی عنه لَا تَسْتَوْجِبْ لَا تُسْتَوْجَبْ
لَا یَسْتَوْجِبْ لَا یُسْتَوْجَبْ
والظرف منه مُسْتَوْجَبٌ مُسْتَوْجَبَانِ

ابواب اجوف از ثلاثی مجرّد

باب اول اجوفِ واوی از باب نَصَرَ چوں القول گفتن (کہنا ، بات کرنا)

قَالَ یَقُوْلُ قَوْلًا فھو قَائِلٌ وقِیْلَ یُقَالُ قَوْلًا فذاک مَقُوْلٌ لَمْ یَقُلْ لَمْ یُقَلْ لَا یَقُوْلُ لَا یُقَالُ لَنْ یَقُوْلَ لَنْ یُقَالَ

الامر منه	قُلْ لِتُقَلْ لِیَقُلْ لِیُقَلْ
والنھی عنه	لَا تَقُلْ لَا تُقَلْ لَا یَقُلْ لَا یُقَلْ

والظرف منه مَقَالٌ والجمع مَقَاوِلُ

والآلة منه مِقْوَلٌ مِقْوَلَةٌ مِقْوَالٌ والجمع مَقَاوِلُ وَمَقَاوِیْلُ

وافعل التفضیل المذکر منه اَقْوَلُ والجمع اَقَاوِلُ

والمؤنث منه قُوْلٰی قُوْلَیَاتٌ قُوَلٌ

قانون نمبر ۱ : قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا بروزن نَصَرَ قانون ہے کہ جب واو متحرک سے قبل فتحہ ہو تو اس واو کو الف کر دیتے ہیں ، اسلئے واو الف ہوا تو قَالَ ہوا ۔

قانون نمبر ۲ : یَقُوْلُ اصل میں یَقْوُلُ تھا بروزن یَنْصُرُ
قانون ہے کہ جب واو مضموم سے قبل ساکن ہو تو واو کا ضمہ
ماقبل کو دیتے ہیں تو یَقُوْلُ ہوا۔

قانون نمبر ۳ : قَائِلٌ اصل میں قَاوِلٌ تھا، قانون ہے کہ الف
اسم فاعل کے بعد واو یا یاء آجائے تو اسے ہمزہ کرتے ہیں تو قَائِلٌ ہوگیا۔

قانون نمبر ۴ : قِیْلَ اصل میں قُوِلَ تھا بروزن نُصِرَ۔ کسرہ واو
پر ثقیل تھا تو ماقبل کو دیدیا تو قِوْلَ ہوا، پھر واو کو کسرۂ ماقبل
کی وجہ سے یاء کردیا تو قِیْلَ ہوا۔

قانون نمبر ۵ : یُقَالُ اصل میں یُقْوَلُ بروزن یُنْصَرُ تھا
واو کا فتحہ ماقبل کو دیدیا تو یُقَوْلُ ہوا، پھر واو کو ماقبل
فتحہ کی وجہ سے الف کردیا تو یُقَالُ ہوا۔

قانون نمبر ۶ : قُلْ صیغۂ امر تَقُوْلُ سے بنا ہے، علامتِ
مضارع تاء کو حذف کر کے آخر میں جزم دیا تو قُوْلْ ہوا
یعنی اجتماع ساکنین علی غیر حدِّہٖ آیا اور ایسے موقع پر
حرفِ مدّہ یعنی حرفِ علت کو حذف کرتے ہیں تو قُلْ ہوا۔

فائدہ : کلماتِ دالّہ بر عیوب میں عموماً اعلال نہیں کرتے
مثل عَوِرَ یَعْوَرُ عَوَرًا أی یک چشم شدن فهو اَعْوَر۔
اَعْوَر صفتِ مشبّہ ہے بمعنی ایک آنکھ والا یعنی کانا۔

قال کی صرف کبیر

ماضی معروف : قَالَ قَالَا قَالُوْا قَالَتْ قَالَتَا قُلْنَ[۱]
قُلْتَ قُلْتُمَا قُلْتُمْ قُلْتِ قُلْتُمَا قُلْتُنَّ قُلْتُ قُلْنَا

ماضی مجہول : قِیْلَ قِیْلَا قِیْلُوْا قِیْلَتْ قِیْلَتَا قُلْنَ[۲]
قُلْتَ قُلْتُمَا قُلْتُمْ قُلْتِ قُلْتُمَا قُلْتُنَّ قُلْتُ قُلْنَا

مضارع معروف : یَقُوْلُ یَقُوْلَانِ یَقُوْلُوْنَ
تَقُوْلُ تَقُوْلَانِ یَقُلْنَ تَقُوْلُ تَقُوْلَانِ تَقُوْلُوْنَ
تَقُوْلِیْنَ تَقُوْلَانِ تَقُلْنَ اَقُوْلُ نَقُوْلُ

---

۱ قُلْنَ اصل میں قَوَلْنَ تھا بروزن نَصَرْنَ۔ پھر واو متحرک ماقبل فتحہ کے قانون کی وجہ سے واو کو الف کیا تو قَالْنَ ہوا۔ الف اور لام دونوں ساکن ہیں تو اجتماع ساکنین علی غیر حدہ آیا تو اوّل حرف مدہ یعنی الف کو گرادیا تو قَلْنَ رہ گیا، پھر قاف کے زبر کو پیش سے بدل دیا گیا تاکہ وہ پیش یعنی ضمہ اس بات پر دلالت کرے کہ یہاں واو حذف ہوا ہے۔ کیونکہ وہ الف اصل میں واو تھا۔ یا یوں کہئے کہ قاف پر ضمہ کا کتبہ لگا دیا گیا تاکہ وہ اس بات پر دلالت کرے کہ اس قبر میں واو دفن ہے۔ ۱۲

۲ ماضی مجہول میں قُلْنَ اصل میں قُوِلْنَ تھا، پھر واو پر کسرہ ثقیل ہونے کی بنا پر کسرہ گرادیا تو قُوْلْنَ ہوا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے واو کو گرادیا تو قُلْنَ ہوا۔ جبکہ بعض کہتے ہیں کہ قِیْلَ والے قانون کے مطابق واو کو یاء سے بدلا پھر یاء اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گئی تو قِلْنَ ہوا پھر اسے قُلْنَ کردیا گیا تاکہ قاف کا ضمہ حذفِ واو پر دلالت کرے۔ ۱۲

مضارع مجہول : یُقَالُ یُقَالَانِ یُقَالُوْنَ تُقَالُ تُقَالَانِ یُقَلْنَ تُقَالُ تُقَالَانِ تُقَالُوْنَ تُقَالِیْنَ تُقَالَانِ تُقَلْنَ اُقَالُ نُقَالُ

امر حاضر معروف : قُلْ قُوْلَا[1] قُوْلُوْا[2] قُوْلِیْ قُوْلَا قُلْنَ

امر حاضر مجہول : لِتُقَلْ لِتُقَالَا لِتُقَالُوْا لِتُقَالِیْ لِتُقَالَا لِتُقَلْنَ

---

[1] قُلْ میں واو اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گیا تھا جبکہ قُوْلَا میں چونکہ اجتماع ساکنین نہیں ہے لام متحرک ہے اس لئے واو نہیں گرے گا۔ ۱۲

[2] قُوْلُوْا میں واو کے بعد الف لکھا جائیگا۔ تمام افعال کی گردانوں میں واوِ جمع کے بعد الف لکھا جاتا ہے۔ لاتقولوا، ضَرَبُوا، اَکْرَمُوا، اُکْرِمُوا، قَالُوْا وغیرہ تمام افعال اسی طرح ہوں گے۔ یہ الف واوِ جمع اور واوِ عطف میں فرق کرنے کیلئے ہے کیونکہ بعض جگہ واو ماقبل حرف سے جدا ہوتا ہے مثلاً مَدُّوْا میں واو دال سے جدا ہے۔ اب مَدَّ و قتل لکھا ہو تو واو کے بعد الف کا نہ ہونا بتلا دے گا کہ یہ واوِ عطف ہے اور اگر واو کے بعد الف ہو تو پتہ چل جائیگا کہ یہ واو جمع ہے مثلاً مَدُّوْا قتلوا۔ جب بعض جگہ شبہ سے بچنے کیلئے الف کو بڑھانا لازمی ہوا تو باقی جگہیں جہاں شبہ نہیں پڑتا جیسے ضَرَبُوْا وہاں بھی الف کا لکھنا ضروری قرار دیدیا گیا تاکہ تمام واوِ جمع کا ایک ہی حکم ہو جائے۔ ۱۲

فائدہ : جس صیغے کی اصل معلوم کرنی ہو تو صحیح کے ابواب میں سے وہ صیغہ نکال کر اس صیغے کو اسی وزن پر لے جائیں مثلاً قَالَ کی اصل معلوم کرنی ہے اور یہ باب نَصَرَ سے ہے اور یہ ماضی کا پہلا صیغہ ہے تو نَصَرَ سے ماضی کا پہلا صیغہ نَصَرَ لیا اور قال سے وہی وزن بنالیا تو قَوَلَ نکل آیا۔ واوی ہونے کی وجہ سے واو درمیان میں لے آئے۔ یائی ہو تو پھر یاء لے آئیں گے۔ اسی طرح تمام صیغے آسانی سے نکالے جاسکتے ہیں۔ ۱۲

نہی حاضر معروف : لَا تَقُلْ لَا تَقُوْلَا لَا تَقُوْلُوْا
لَا تَقُوْلِيْ لَا تَقُوْلَا لَا تَقُلْنَ

نہی حاضر مجہول : لَا تُقَلْ لَا تُقَالَا لَا تُقَالُوْا لَا تُقَالِيْ
لَا تُقَالَا لَا تُقَلْنَ

بابِ دوم اجوف یائی از بابِ ضَرَبَ چوں البَیْعُ فروختن (بیچنا)

بَاعَ یَبِیْعُ بَیْعًا فھو بَائِعٌ و بِیْعَ یُبَاعُ بَیْعًا فذاك
مَبِیْعٌ لَمْ یَبِعْ لَمْ یُبَعْ لَا یَبِیْعُ لَا یُبَاعُ لَنْ یَّبِیْعَ
لَنْ یُّبَاعَ

الامر منه بِعْ لِتُبَعْ لِیَبِعْ لِیُبَعْ

والنھی عنه لَا تَبِعْ لَا تُبَعْ لَا یَبِعْ لَا یُبَعْ

والظرف منه مَبِیْعٌ والجمع مَبَایِعُ

والاٰلة منه مِبْیَعٌ مِبْیَعَةٌ مِبْیَاعٌ والجمع مَبَایِعُ
ومَبَایِیْعُ

وافعل التفضیل المذکر منه اَبْیَعُ والجمع اَبَایِعُ
والمؤنث منه بُوْعٰی بُوْعَیَاتٌ بُیَعٌ

اسم مفعول اور اسم ظرف دونوں مَبِیْعٌ ہیں البتہ دونوں کی اصل مختلف ہے، اسم مفعول اصل میں مَبْیُوْعٌ بروزن مفعول تھا جبکہ اسم ظرف اصل میں مَبْیِعٌ بروزن مَفْعِلٌ تھا۔ ۱۲

فائدہ: اجوف یائی کا اسم مفعول تعلیل کے بغیر اپنی اصل صورت میں بھی عربی زبان میں کثیر الاستعمال ہے جیسے مبیوع، مدیون، معیوب وغیرہ۔ ۱۲

بَاعَ کی صرف کبیر

ماضی معروف : بَاعَ بَاعَا بَاعُوْا بَاعَتْ بَاعَتَا بِعْنَ[له]
بِعْتَ بِعْتُمَا بِعْتُمْ بِعْتِ بِعْتُمَا بِعْتُنَّ بِعْتُ بِعْنَا

ماضی مجہول : بِیْعَ بِیْعَا بِیْعُوْا بِیْعَتْ بِیْعَتَا
بِعْنَ بِعْتَ بِعْتُمَا بِعْتُمْ بِعْتِ بِعْتُمَا بِعْتُنَّ
بِعْتُ بِعْنَا

مضارع معروف : یَبِیْعُ یَبِیْعَانِ یَبِیْعُوْنَ تَبِیْعُ تَبِیْعَانِ
یَبِعْنَ تَبِیْعُ تَبِیْعَانِ تَبِیْعُوْنَ تَبِیْعِیْنَ تَبِیْعَانِ
تَبِعْنَ اَبِیْعُ نَبِیْعُ

مضارع مجہول : یُبَاعُ یُبَاعَانِ یُبَاعُوْنَ تُبَاعُ تُبَاعَانِ
یُبَعْنَ تُبَاعُ تُبَاعَانِ تُبَاعُوْنَ تُبَاعِیْنَ تُبَاعَانِ تُبَعْنَ
اُبَاعُ نُبَاعُ

له بِعْنَ اصل میں بَیَعْنَ بروزن ضَرَبْنَ یعنی بروزن فَعَلْنَ تھا، پھر یائے متحرک کو ماقبل فتحہ کی وجہ سے الف کردیا گیا تو بَاعْنَ ہوا، اجتماع ساکنین کی وجہ سے الف گر گیا تو بَعْنَ ہوا، پھر باء کو کسرہ دیدیا گیا تو بِعْنَ ہوا۔ باء کو کسرہ اسلئے دیا گیا تاکہ وہ کسرہ اس بات پر دلالت کرے کہ یہاں یاء حذف ہوئی ہے، کیونکہ وہ الف اصل میں یاء تھا ۔ ۱۲

امر حاضر معروف : بِعْ بِيْعَا بِيْعُوْا بِيْعِيْ بِيْعَا بِعْنَ

امر حاضر مجہول : لِتُبَعْ لِتُبَاعَا لِتُبَاعُوْا لِتُبَاعِيْ لِتُبَاعَا
لِتُبَعْنَ

نہی حاضر معروف : لَا تَبِعْ لَا تَبِيْعَا لَا تَبِيْعُوْا
لَا تَبِيْعِيْ لَا تَبِيْعَا لَا تَبِعْنَ

نہی حاضر مجہول : لَا تُبَعْ لَا تُبَاعَا لَا تُبَاعُوْا
لَا تُبَاعِيْ لَا تُبَاعَا لَا تُبَعْنَ

باب سوم اجوف واوی از باب سَمِعَ چوں
اَلْخَوْفُ ترسیدن (ڈرنا)

خَافَ يَخَافُ خَوْفًا فهو خَائِفٌ وخِيْفَ يُخَافُ خَوْفًا فذاك مَخُوْفٌ لَمْ يَخَفْ لَمْ يُخَفْ لَايَخَافُ لَايُخَافُ لَنْ يَّخَافَ لَنْ يُّخَافَ

الامر منه خَفْ لِتُخَفْ لِيَخَفْ لِيُخَفْ

والنهی عنه لَاتَخَفْ لَاتُخَفْ لَايَخَفْ لَايُخَفْ

والظرف منه مَخَافٌ والجمع مَخَاوِفُ

والآلة منه مِخْوَفٌ مِخْوَفَةٌ مِخْوَافٌ والجمع مَخَاوِفُ ومَخَاوِيْفُ

وافعل التفضيل المذکر منه اَخْوَفُ والجمع اَخَاوِفُ

والمؤنث منه خُوْفٰی خُوْفَيَاتٌ خُوَفٌ

خَافَ کی صرفِ کبیر

ماضی معروف : خَافَ خَافَا خَافُوْا خَافَتْ خَافَتَا خِفْنَ[۱] خِفْتَ خِفْتُمَا خِفْتُمْ خِفْتِ خِفْتُمَا خِفْتُنَّ خِفْتُ خِفْنَا

ماضی مجہول : خِیْفَ خِیْفَا خِیْفُوْا خِیْفَتْ خِیْفَتَا خِفْنَ خِفْتَ خِفْتُمَا خِفْتُمْ خِفْتِ خِفْتُمَا خِفْتُنَّ خِفْتُ خِفْنَا

مضارع معروف : یَخَافُ یَخَافَانِ یَخَافُوْنَ تَخَافُ تَخَافَانِ یَخَفْنَ تَخَافُ تَخَافَانِ تَخَافُوْنَ تَخَافِیْنَ تَخَافَانِ تَخَفْنَ اَخَافُ نَخَافُ

مضارع مجہول : یُخَافُ یُخَافَانِ یُخَافُوْنَ تُخَافُ تُخَافَانِ یُخَفْنَ تُخَافُ تُخَافَانِ تُخَافُوْنَ تُخَافِیْنَ تُخَافَانِ تُخَفْنَ اُخَافُ نُخَافُ

---

۱ خِفْنَ صیغۂ جمع مؤنث غائب فعل ماضی معروف اصل میں خَوِفْنَ بروزن سَمِعْنَ تھا۔ واو متحرک سے قبل فتحہ تھا تو واو کو الف کیا تو خَافْنَ ہوا، پھر الف اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گیا تو خَفْنَ ہوا، پھر خاء کو کسرہ دیا گیا تاکہ باب کے کسرہ پر دلالت کرے، یعنی یہ کسرہ یہ بتلاتا ہے کہ عین کلمہ جو حذف ہوا ہے وہ مکسور تھا - ۱۲

امر حاضر معروف : خَفْ خَافَا خَافُوْا خَافِیْ خَافَا خَفْنَ

امر حاضر مجہول : لِتُخَفْ لِتُخَافَا لِتُخَافُوْا لِتُخَافِیْ لِتُخَافَا لِتُخَفْنَ

نہی حاضر معروف : لَا تَخَفْ لَا تَخَافَا لَا تَخَافُوْا لَا تَخَافِیْ لَا تَخَافَا لَا تَخَفْنَ

نہی حاضر مجہول : لَا تُخَفْ لَا تُخَافَا لَا تُخَافُوْا لَا تُخَافِیْ لَا تُخَافَا لَا تُخَفْنَ

ابوابِ اجوف از ثلاثی مزید فیہ

باب اول اجوف واوی از بابِ اِفعال چوں اَلْاِقَامَۃُ

قائم کردن (قائم کرنا، سیدھا کرنا)

اَقَامَ یُقِیْمُ اِقَامَۃً فھو مُقِیْمٌ و اُقِیْمَ یُقَامُ اِقَامَۃً فذاک مُقَامٌ لَمْ یُقِمْ لَمْ یُقَمْ لَا یُقِیْمُ لَا یُقَامُ لَنْ یُّقِیْمَ لَنْ یُّقَامَ

الامر منہ اَقِمْ لِتُقِمْ لِیُقِمْ لِیُقَمْ

والنھی عنہ لَا تُقِمْ لَا تُقَمْ لَا یُقِمْ لَا یُقَمْ

والظرف منہ مُقَامٌ مُقَامَانِ

قانون نمبر ۱ : اَقَامَ اصل میں اَقْوَمَ بروزن اَکْرَمَ تھا، واو کی حرکت ماقبل کو دیکر واو کو الف کر دیا تو اَقَامَ ہوا۔

قانون نمبر ۲ : یُقِیْمُ اصل میں یُقْوِمُ بروزن یُکْرِمُ تھا، کسرہ واو پر ثقیل تھا تو ماقبل کو دیدیا اور پھر ماقبل کسرہ کی وجہ سے واو کو یاء کر دیا تو یُقِیْمُ ہوا۔

قانون نمبر ۳ : اِقَامَۃٌ مصدر اصل میں اِقْوَامٌ بروزن اِکْرَامٌ تھا، واو کی حرکت ماقبل کو دی اور پھر ماقبل فتحہ کی وجہ سے

واو کو الف کر دیا تو دو الف جمع ہو گئے یعنی اجتماع ساکِنَین عَلٰی غَیرِ حَدِّہٖ آیا تو الف اول کو گرا دیا تو اِقَامٌ ہوا، پھر الفِ محذوفہ کے عوض آخر میں تاء لائی گئی تو اِقَامَۃٌ ہوا۔

قانون نمبر ۴ : اُقِیْمَ اصل میں اُقْوِمَ بروزن اُکْرِمَ تھا، واو کا کسرہ نقل کرکے ماقبل کو دیدیا، پھر ماقبل کسرہ کی وجہ سے واو کو یاء کر دیا تو اُقِیْمَ ہوا۔

قانون نمبر ۵ : یُقَامُ اصل میں یُقْوَمُ بروزن یُکْرَمُ تھا، واو کا فتحہ ماقبل کو دیدیا اور ماقبل فتحہ کی وجہ سے واو کو الف کر دیا تو یُقَامُ ہوا۔

قانون نمبر ۶ : (پہلا طریقہ) اَقِمْ دراصل اَقْوِمْ بروزن اَکْرِمْ تھا، واو پر کسرہ ثقیل ہونے کی وجہ سے وہ کسرہ ماقبل کو نقل کر دیا گیا اور پھر واو کو ماقبل کسرہ کی وجہ سے یاء کر دیا گیا، تو یاء اور میم دو ساکن جمع ہوئے یعنی اجتماع ساکنین علی غیر حدّہٖ آیا اوّل حرفِ مدّہ یعنی یاء کو حذف کر دیا تو اَقِمْ ہوا۔

(دوسرا طریقہ) اَقِمْ کو تُقِیْمُ سے بناتے ہیں۔ آخر میں جزم دیا اور شروع سے حرفِ مضارع کو حذف کیا گیا اور ہمزۂ قطعیہ محذوفہ کو واپس لایا گیا تو اَقِیْمْ ہوا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدّہٖ کی وجہ سے یاء حذف ہوئی تو اَقِمْ ہوا۔

فائدہ : گاہے اصل پر دلالت کے طور پر ترکِ اعلال کرتے ہیں مثل اَحْوَجَ یُحْوِجُ اِحْوَاجًا حاجتمند شدن ۔

فائدہ : حرف علت میں جو تبدیلی کی جائے اسے اعلال کہتے ہیں مثلاً حرف علت کو حذف کیا جائے یا دوسرے حرف سے بدلا جائے وغیرہ جبکہ ہمزہ میں جو تبدیلی کی جائے اسے تخفیف کہتے ہیں ۔

بابِ دوم اجوف واوی از بابِ تَفْعِیْل چوں اَلتَّقْوِیْمُ
استوار کردن (سیدھا کرنا)

قَوَّمَ يُقَوِّمُ تَقْوِيْمًا فهو مُقَوِّمٌ وقُوِّمَ يُقَوَّمُ تَقْوِيْمًا فذاك مُقَوَّمٌ لَمْ يُقَوِّمْ لَمْ يُقَوَّمْ لَا يُقَوِّمُ لَا يُقَوَّمُ لَنْ يُّقَوِّمَ لَنْ يُّقَوَّمَ

الامر منه قَوِّمْ لِتُقَوَّمْ لِيُقَوِّمْ لِيُقَوَّمْ

والنهی عنه لَا تُقَوِّمْ لَا تُقَوَّمْ لَا يُقَوِّمْ لَا يُقَوَّمْ

والظرف منه مُقَوَّمٌ مُقَوَّمَانِ

بابِ سوم اجوف واوی از بابِ مُفَاعَلَة چوں اَلْمُقَاوَمَةُ مقابلہ کردن (مقابلہ کرنا)

قَاوَمَ يُقَاوِمُ مُقَاوَمَةً فهو مُقَاوِمٌ وقُوْوِمَ يُقَاوَمُ مُقَاوَمَةً فذاك مُقَاوَمٌ لم يُقَاوِمْ لم يُقَاوَمْ لا يُقَاوِمُ لا يُقَاوَمُ لن يُّقَاوِمَ لن يُّقَاوَمَ

الامر منه قَاوِمْ لِتُقَاوَمْ لِيُقَاوِمْ لِيُقَاوَمْ

والنهي عنه لا تُقَاوِمْ لا تُقَاوَمْ لا يُقَاوِمْ لا يُقَاوَمْ

والظرف منه مُقَاوَمٌ مُقَاوَمَانِ

صیغہ بیان کرنے کا طریقہ: کسی بھی صیغہ کو بیان کرنے کیلئے سب سے پہلے یہ بتلایا جائے کہ یہ گردان میں سے کونسا صیغہ ہے، مثلاً واحد مذکر غائب۔ اس کے بعد وہ فعل ذکر کیا جائے کہ ماضی ہے یا مضارع یا امر وغیرہ، پھر یہ کہ معروف ہے مجہول۔ ششں اقسام میں کیا ہے ثلاثی مجرد یا ثلاثی مزید فیہ، رباعی مجرد ہے یا رباعی مزید فیہ وغیرہ۔ ہفت اقسام میں کیا ہے صحیح، مثال یا اجوف وغیرہ اور یہ کہ کس باب سے ہے ضَرَبَ سے یا تفعیل سے وغیرہ۔ حاصل یہ کہ صیغہ بیان کرتے ہوئے کم از کم چھ چیزیں ضرور ذکر ہوں ① صیغہ ② فعل ③ معروف یا مجہول ④ ششں اقسام میں کیا ہے ⑤ ہفت اقسام میں کیا ہے ⑥ کس باب سے ہے۔ اور اگر اس صیغہ میں کوئی قانون لگا ہو، تعلیل یا تخفیف وغیرہ ہوئی ہو تو اسے بھی بیان کیا جائے، مثلاً اگر پوچھا جائے کہ سَعِدتُّم کونسا صیغہ ہے تو یوں بتلایا جائے گا صیغہ جمع مذکر حاضر فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب سمع - ۱۲

باب چہارم اجوف یائی از باب تفعّل چوں اَلتَّدَیُّنُ

دین دار شدن (دین دار ہونا)

تَدَيَّنَ يَتَدَيَّنُ تَدَيُّنًا فهو مُتَدَيِّنٌ وتُدُيِّنَ يُتَدَيَّنُ تَدَيُّنًا فذاك مُتَدَيَّنٌ لَمْ يَتَدَيَّنْ لَمْ يُتَدَيَّنْ لَا يَتَدَيَّنُ لَا يُتَدَيَّنُ لَنْ يَتَدَيَّنَ لَنْ يُتَدَيَّنَ

الامر منه تَدَيَّنْ لِتَتَدَيَّنْ لِيَتَدَيَّنْ لِيُتَدَيَّنْ

والنهي عنه لَا تَتَدَيَّنْ لَا تُتَدَيَّنْ لَا يَتَدَيَّنْ لَا يُتَدَيَّنْ

والظرف منه مُتَدَيَّنٌ مُتَدَيَّنَانِ

قانون : باب تَفَعُّل اور باب تَفَاعُل کے مضارع میں جب بھی دو تاء مفتوحہ جمع ہوجائیں تو ایک تاء کو حذف کرنا جائز ہے۔ مثلاً تَتَدَيَّنُ کو تَدَيَّنُ اور تَتَضَارَبُ کو تَضَارَبُ پڑھنا جائز ہے۔

بابِ پنجم اجوف یائی از بابِ اِفْتِعَالٌ

چوں اَلْاِخْتِیَارُ پسند کردن (پسند کرنا، منتخب کرنا)

